صفحہ 08
سنگا کارا نے کرکٹ میں اپنے نقوش چھوڑے

WATTAN
The Urdu Daily
روزنامہ
وطن
بڈگام

اتوار
27 اکتوبر 2024
SUNDAY
27-OCTOBER-2024

صفحہ 08
نعمان اور ساجد کی اسپن پر انگریز ناچے

The Urdu Daily WATTAN Budgam ■ RNI No. JKURD/2011/37141 ■ Vol: 14 | No: 241 | Pages: 08 ■ قیمت: 02 روپے ■ صفحات: 08 ■ شمارہ نمبر: 241 ■ جلد: 14

سیکورٹی فورسز نے ابھرتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کیلئے نئی حکمت عملی تیار کرلی

بے گناہوں کے خون کا بدلہ لیا جائیگا

نئی طرز کی دراندازی اور ڈرون چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے تکنیکی صلاحیتوں کو اپ گریڈ کرنیکی ضرورت

سرینگر/26 اکتوبر//

سیکورٹی فورسز نے ابھرتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کیلئے ایک نئی حکمت عملی تیار کی ہے کا اعلان کرتے ہوئے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا کہ کشمیر میں بہائے گئے بے گناہوں کے خون کے ہر قطرے کا بدلہ لیا جائے گا۔ انہوں

نے مزید کہا کہ ڈرون چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے تکنیکی صلاحیتوں کو اپ گریڈ کرنے کی ضرورت ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے گگن گیر اور گلمرگ حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ جموں کشمیر میں دہشت گردی سے نمٹنے میں ہر ایک کو اہم کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ سی این آئی....101

جموں وکشمیر میں اگلے سال جنوری میں پنچایتی انتخابات منعقد ہونیکا امکان

موجودہ پنچایت ووٹر فہرستوں کی سالانہ نظر ثانی کے لئے خصوصی کیمپوں کی پیروی کی جائیگی/حکام

سرینگر/26 اکتوبر//

جموں کشمیر میں کامیاب اسمبلی انتخابات کے بعد اگلے سال ماہ جنوری میں پنچایتی انتخابات منعقد ہونے کا قوی امکان ہے۔ سی این آئی کے مطابق لوک سبھا اور اسمبلی انتخابات کے کامیاب اور پر امن انعقاد کے بعد جموں وکشمیر انتظامیہ ایک بار پھر اگلے سال ماہ جنوری میں جموں و کشمیر میں پنچایتی انتخابات کرانے کیلئے کمر بستہ ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ جنوری سال 2025 میں پنچایتی انتخابات کا اعلان متوقع ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ریاستی الیکشن کمیشن نے تمام اضلاع کے تمام ڈپٹی کمشنروں کو ہدایات جاری کی ہیں، جو کہ ضلعی الیکشن پنچایت افسر بھی ہیں، موجودہ پنچایت ووٹر لسٹوں کی سالانہ نظر ثانی اور حلقوں کی تازہ حد بندی کرنے کیلئے کہا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ موجودہ پنچایت ووٹر فہرستوں کی سالانہ نظر ثانی کے لیے خصوصی نظر ثانی کیمپوں کی...102

بوٹہ پتھری حملہ: ملوث ملی ٹنٹوں کو تلاش

کرنے کیلئے آپریشن کو مزید کئی علاقوں تک وسیع کردیا گیا

سرینگر/26 اکتوبر//

بوٹہ پتھری گلمرگ حملے میں 3 سے 4 ملی ٹنٹ ملوث ہے کی بات کرتے ہوئے ایس ایس پی بارہمولہ نے کہا کہ ملوث ملی ٹنٹوں کو ڈھونڈ نکالنے کیلئے تلاشی آپریشن بڑے پیمانے پر جاری ہے۔ سی این آئی کے مطابق بوٹہ پتھری گلمرگ حملے کے بعد ملوث ملی ٹنٹوں کو ڈھونڈ نکالنے کیلئے تلاشی آپریشن وسیع کردیا گیا ہے۔ اسی دوران سینئر سپر نٹنڈنٹ آف پولیس بارہمولہ نے بتایا کہ 3 سے 4 دہشت گرد ایک حملے میں ملوث تھے۔ بارہمولہ میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے ایس ایس پی بارہمولہ محمد زید نے کہا کہ آپریشن رات بھر روک دیا گیا تھا لیکن آج صبح دوبارہ شروع ہوا۔ انہوں نے کہا "پولیس، فوج....103

دمحال ہانجی پورہ میں فوج کی گاڑی کو حادثہ

ایک فوجی از جان، 8 دیگر زخمی علاج کیلئے اسپتال داخل

سرینگر/26 اکتوبر//

جنوبی ضلع کولگام کے دمحال ہانجی پورہ میں فوج کی گاڑی حادثے کی شکار ہونے کے بعد میں فوجی اہلکار از جاں ہو گیا جبکہ گاڑی میں سوار 8 دیگر اہلکار زخمی ہو گئے۔ سی این آئی کو نمائندے نے کولگام سے تفصیلات فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ دمحال ہانجی پورہ میں فوج کی ایک گاڑی حادثے کی شکار ہوئی جس دوران گاڑی کا ڈرائیور ہلاک ہوا۔ انہوں نے کہا کہ فوج کے 9 آر آر سے وابستہ ایک گاڑی دمحال ہانجی پورہ کے نزدیک سڑک سے لڑھک کر گہری کھائی میں جا گری جس دوران اس میں سوار 9 اہلکار شدید طور پر زخمی ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ تمام زخمیوں کو اسپتال علاج کیلئے پہنچایا...104

جموں وکشمیر دیگر ریاستوں کی طرح نہیں

دوہری کنٹرول میں کام نہیں کرسکتا: ناصر اسلم وانی

سرینگر/26 اکتوبر//

وزیر اعلی کے مشیر ناصر اسلم وانی نے ہفتہ کو کہا کہ جموں وکشمیر میں نظام دوہرے کنٹرول میں نہیں چل سکتا، جہاں وزیر اعلی ایک علاقے پر توجہ مرکوز کرتے ہیں جبکہ ایل جی سیکورٹی کو سنبھالتا ہے۔ انہوں نے لوگوں سے صبر اور بھروسہ رکھنے کی تلقین کی ہے۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس)...105

گلمرگ حملے میں جاں بحق 2 مقامی پورٹر

لواحقین کو فی کنبہ 6 لاکھ روپے بطور معاوضہ فراہم

بارہمولہ: ۲۶، اکتوبر//

جموں وکشمیر حکومت نے ضلع بارہمولہ کے سیاحتی مقام گلمرگ کے مضافاتی بالائی علاقے بوٹہ پتھری میں ہوئے دہشت گردانہ حملے میں مارے گئے 2 فوجی پورٹرز کے لواحقین فی کنبہ 6 لاکھ روپے بطور معاوضہ کے ادا کر دیئے۔ جے کے این ایس کے مطابق ڈپٹی کمشنر....106

The Urdu Daily
WATTAN
روزنامہ وطن سرینگر

کم خوراکی طویل زندگی جینے میں مددگار

اگر آپ لمبی عمر چاہتے ہیں تو کم کھانا کھائیں، طبی ماہرین کے مطابق کم خوراکی سے بڑھتی عمر کے جسم پر پڑنے والے اثرات کو کم کیا جا سکتا ہے۔ آسٹریلین یونیورسٹی میں کی جانے والی نئی تحقیق کے مطابق کم کھانا صحت مند اور لمبی زندگی گزارنے میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔ تحقیق کے مطابق اس طرح جسمانی نظام مسلسل مرمت ہوتا رہتا ہے۔ کم کیلوریز والی خوراک خاص طور پر طویل اور صحت مند زندگی گزارنے کے لیے مددگار ثابت ہوتی ہے۔ تحقیقی مطالعے کی سربراہ ماہر حیاتیات ڈاکٹر مارگو کہتی ہیں کہ کم کھانا جسم کے خلیات کو نقصان، تباہی اور کینسر کے خطرے سے بچاتا ہے جبکہ صحت مند بڑھاپے کا سبب بھی بنتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خوراک کی مقدار میں کمی خلیات کی ری سائیکلنگ کی شرح میں اضافہ ہوتا ہے۔

چھاتی کے سرطان سے بچاؤ کے طریقے

ہمارے ملک میں چھاتی کے سرطان کی شرح میں روز بہ روز اضافہ ہوتا جارہا ہے تاہم کچھ معلومات ہونے کی وجہ سے اس مرض سے بچاؤ ممکن ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق ایشیائی ملکوں میں جس شہر میں چھاتی کے سرطان کی شرح سب سے بلند ہے، وہ کراچی ہے۔ ویسے تو اس شہر میں تعلیم یافتہ اور باخبر خواتین کی تعداد دیگر شہروں کے مقابلے میں زیادہ ہے، لیکن افسوس کہ وہ چھاتی کے سرطان کے متعلق اتنی باخبر نہیں ہیں جتنا انھیں ہونا چاہیے۔ یہ ایسا مہلک مرض ہے جس سے آگہی کے باعث ہی محفوظ رہا جاسکتا ہے، مگر مرض سے متعلق آگہی کا نہ ہونا، بے احتیاطی، شرم اور دیگر عناصر کے باعث خواتین کی اکثریت جانتے بوجھتے بھی اس موضوع پر نہ تو معلومات حاصل کرتی ہے اور نہ اس حوالے سے کوئی احتیاط برتتی ہے جس کے باعث ان میں بروقت مرض کی تشخیص نہیں ہو پاتی، حالاں کہ اگر ابتدائی مرحلے میں اس کی تشخیص ہوجائے تو مرض کو بڑھنے سے روکا جاسکتا ہے۔ موجودہ دور میں ہمارا میڈیا ہر موضوع پر معلومات اور آگہی فراہم کرتا رہتا ہے۔ چھاتی کے سرطان کے حوالے سے بھی معلومات فراہم کی جاتی ہے۔ ٹی وی چینلز بھی حقائق پر مبنی معلومات فراہم کی جاتی ہے۔ بس ہماری خواتین کو اس جانب توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے۔ انہیں چاہیے کہ اس سلسلے میں از خود بھی اس بات کا پتا لگاتی رہیں کہ کہیں ان کی چھاتی میں کوئی گلٹی یا رسولی تو نہیں، کوئی گانٹھ تو محسوس نہیں ہو رہی یا یہ کہ کچھ بڑھ تو نہیں رہی۔ ایسا شبہ محسوس کرتے ہی فوراً ڈاکٹر سے رجوع کریں اور میموگرافی کروا کر تسلی کرلیں۔ اپنے روزمرہ اطوار زندگی پر ایک طائرانہ نظر دوڑائیں اور غور کریں کہ کیا اس میں ایسے عوامل شامل تو نہیں جو چھاتی کے سرطان کا سبب بن سکیں۔ اس میں رسک فیکٹر اہم ترین ہے، مثلاً آپ کی خوراک، وزن، جسمانی مشقت میں کمی وغیرہ۔ اگر آپ کے خاندان میں چھاتی کے کینسر کا مرض موجود ہے تو خصوصی طور پر اور بہ صورت دیگر عمومی طور پر چھاتی کا معائنہ ہر چھے ماہ میں ضرور کروائیں اور ممکن ہو تو چھاتی کے لیے کیا جانے والا خاص ایکسرے میموگرام بھی سال میں ایک مرتبہ ضرور کروالیا جائے تو بہت مفید ہوگا۔ اس کے علاوہ وہ پڑھی لکھی خواتین ہیں جو اس مرض سے آگہی رکھتی ہیں، انہیں چاہیے کہ وہ لازمی اپنے حلقہ احباب، آس پڑوس اور ملنے جلنے والیوں کو معلومات اور احتیاط فراہم کریں، خاص طور پر ان خواتین کو جن کی رسائی اخبارات، ٹی وی تک نہیں یا جو لکھنا پڑھنا نہیں جانتیں اور غریب بھی ہیں، کیوں کہ اس مرض کے بارے میں آگہی کے باعث بہت سے کیسز ابتدائی مرحلے پر ہی تشخیص ہوسکیں گے اور اگر ابتدائی مراحل پر مرض تشخیص ہوجائے تو اس کا سو فی صد کام یاب علاج ممکن ہے۔ اگر آپ کے عزیز و اقارب میں سے کسی کو چھاتی کا کینسر ہے تو اپنی میموگرافی کروانے کے علاوہ اپنی خوراک اور طرز زندگی میں بھی تبدیلی لائیں۔ ماہرین بتاتے ہیں کہ جو خواتین خوراک میں چربی کا استعمال کم کرتی ہیں، پھل اور سبزیاں خصوصاً ریشے دار پھل اور سبزیاں زیادہ کھاتی ہیں اور باقاعدگی سے ورزش کرتی ہیں، ان میں سرطان کے خطرات کم ہوتے ہیں۔

ناک کے بیکٹیریا، جاڑے اور سردی لگنے کا تعین کرتے ہیں

ورجینیا // جاڑا یا سردی لگ جانے کو انگریزی میں صرف 'کولڈ' کے لفظ سے بیان کیا جاتا ہے۔ وائرس سے لاحق ہونے والا یہ مرض، کھانسی، بخار، سردی لگنے، حلق میں سوزش اور بہتی ناک کی وجہ بنتا ہے۔ تاہم اب ماہرین نے کہا ہے کہ اس کیفیت کی قسم اور شدت کی وجہ ہمارے ناک میں موجود بیکٹیریا کو قرار دیا جاسکتا ہے۔ نئی تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ جن افراد کے ناک میں اسٹفا ئلوکوکس بیکٹیریا پایا جاتا ہے اگر انہیں سردی لگ جائے تو وہ بہت شدید ہوتی ہے۔ اور اگر دوسرے مریض کی ناک میں اسٹفا ئلوکوکس کی مقدار کم ہو تو ان کا ناک زیادہ متاثر نہیں ہوتا۔ ڈاکٹروں نے ایک دلچسپ بات بھی دریافت کی ہے کہ ناک کے بیکٹیریا چھ مختلف انداز یا پیٹرن میں پائے جاتے ہیں۔ ہر پیٹرن سردی لگنے کی مختلف شدت کا ذمے دار ہوتا ہے۔ یعنی جس انداز سے ناک میں بیکٹیریا ہوں گے اسی طرح سردی یا ٹھنڈ لگنے کا کم یا زیادہ اثر بھی ہوگا۔ ماہرین کے مطابق ناک میں بیکٹیریا کا یہ تناسب جسم کے اندر سردی لگانے والے وائرسوں سے بھی عین مطابقت میں ہوتا ہے۔ یہ تحقیق یونیورسٹی آف ورجینیا اسکول آف میڈیسن کے ماہرین نے کی ہے۔ اس تحقیق کے سربراہ ڈاکٹر رونلڈ بی ٹرنر کہتے ہیں کہ یہ حیرت انگیز تحقیق بتاتی ہے کہ بیکٹیریا کا بوجھ اور اقسام کا تعلق کس طرح جاڑے سے بیمار ہونے کی شدت پر ہوتا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ ناک کے بیکٹیریا کس طرح ٹھنڈ کے وائرس سے ہمیں بیمار کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ ناک کے بیکٹیریا ہمیں ٹھنڈ نہیں لگاتے بلکہ سردی کا وائرس ہمیں بیمار کرتا ہے لیکن ناک کے بیکٹیریا اس شدت کو کم یا زیادہ کرنے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔ تاہم اس پر مزید تحقیق لازمی ہے۔

کیا جسمانی وزن میں کمی کے لیے ڈائٹنگ اچھا آپشن ہے

جسمانی وزن کم کرنے کے لیے کھانا چھوڑ دینا یا ڈائٹنگ کے نتیجے میں مسلز کی کمزوری اور توند کی چربی بڑھنے کا خطرہ طویل المعیاد مدت میں بڑھتا ہے۔ یہ دعویٰ امریکا میں ہونے والی ایک طبی تحقیق میں سامنے آیا۔ جارج ٹاؤن یونیورسٹی کی تحقیق میں بتایا گیا کہ مردوں کے مقابلے میں خواتین جسمانی وزن کو تیزی سے کم کرنے کے لیے ڈائٹنگ کرنے کا رجحان زیادہ پایا جاتا ہے، جس کے دل، گردوں اور خون کے گردشی نظام پر مختصر المدت اور طویل المدت بنیادوں پر مضر اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اس تحقیق کے دوران چوہوں پر تجربات کے دوران محققین نے عام معمول کے مقابلے میں غذائی کیلوریز 60 فیصد کمی کے ساتھ جانوروں کو کھلائی، جس کا موازنہ انسانوں میں روزانہ 2 ہزار کیلوریز پر مشتمل غذا کو 800 کیلوریز تک لے جانے سے کیا جاسکتا ہے۔ تین دن اندر کے چوہوں پر اس غذائی کمی کا اثر دیکھنے میں آیا یعنی جسمانی وزن میں کمی ہوگئی، تاہم اس کے نتیجے میں میٹابولک عناصر اور افعال جیسے بلڈ پریشر، دل کی دھڑکن، گردوں کے افعال اور دوران خون بھی متاثر ہوئے۔ تاہم جیسے ہی معمول کی غذا بحال کی گئی تو جسمانی وزن، بلڈ پریشر اور دل کی دھڑکن بھی معمول پر آگئی۔ مگر محققین نے دریافت کیا کہ ڈائٹنگ کے خاتمے کے 3 ماہ بعد ان جانوروں کے پیٹ کے ارگرد چربی جمع ہونے کی شرح بہت زیادہ بڑھ چکی ہے۔ محققین کا کہنا تھا کہ ڈائٹنگ ختم کرنے کے بعد بھی بلڈ پریشر میں اضافے کا خطرہ ہوتا ہے جبکہ توند کی چربی کے ساتھ جسم میں آنے والی تبدیلیاں طویل المعیاد بنیادوں پر ڈائٹنگ کے عمل سے گزرنے والے افراد کے لیے صحت کے لیے خطرہ ثابت ہوسکتی ہیں۔

صحت مند اور تندرست زندگی

صحت مند اور تندرست زندگی، ہر انسان کی سب سے بڑی خواہش ہوتی ہے۔ کیونکہ اگر صحت نہ ہو تو انسان دولت، شہرت، عزت، اور شاید کسی بھی نعمت سے خوشی حاصل نہ کر سکے۔ غالب نے بھی کیا خوب کہا تھا کہ 'تندرستی ہزار نعمت ہے'۔ ہر چندکہ، غیر صحت بخش ماحول، مرغن اور مصالحے دار غذاؤں، جسمانی سرگرمیوں میں کمی، تمباکو نوشی اور تیز رفتار زندگی کے باعث، انسان صحت مند زندگی گزارنے پر مجبور ہے، تاہم حقیقت یہ ہے کہ صحت مند زندگی گزارنا اتنا مشکل بھی نہیں۔

چلیں پھریں، چست رہیں

ماہرین صحت تجویز کرتے ہیں کہ ایک انسان کے لیے ہفتہ میں 150 منٹ کی ہلکی اور بھاری جسمانی سرگرمی میں مشغول رہنا ضروری ہے۔ اس سے جسم میں خون کی روانی تیز ہوتی ہے اور جسمانی صحت کے ساتھ ساتھ ذہنی کارکردگی میں بھی بہتر آتی ہے، ذہنی دباؤ کا خاتمہ ہوتا ہے۔ جسمانی مشقت کے لیے جم جوائن کرنا لازمی نہیں، اس لیے اگر آپ جم جوائن نہیں کرسکتے تو اس میں پریشانی کی کوئی بات نہیں۔ گھر کے ہر کام کے لیے گاڑی نہ نکالیں، پیدل جائیں یا سائیکل کا انتخاب کریں، گھر کی صفائی خود کریں اور لفٹ یا خودکار زینے کے بجائے سیڑھیاں چڑھنے اترنے کو ترجیح دیں۔

تمباکو نوشی سے پرہیز

اگر آپ صحت مند زندگی گزارنا چاہتے ہیں تو یہ سب سے اہم قدم ہے۔ تازہ ترین تحقیقی رپورٹ کے مطابق، کثرت سے تمباکو نوشی ذیابیطس کے علاوہ 13 اقسام کے کینسر کا سبب بن سکتی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ جو افراد سگریٹ نوشی نہیں کرتے، لیکن اس کے دھوئیں میں سانس لیتے ہیں، ان میں دل کے دورے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ سگریٹ پینے والوں میں نظر کے کمزور ہونے یا اندھے پن کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ اس کے علاوہ خواتین میں سگریٹ نوشی کے اثرات سے نوزائیدہ بچوں میں پیدائشی کٹے ہونٹ، حمل کے دوران پیچیدگیوں کا پیدا ہونا، جوڑوں کا درد اور جسم کی دفاعی صلاحیت میں کمی ہوجاتی ہے۔

چاق و چوبند ہونے کے فائدے

چاق و چوبند ہونے کا مطلب ہے، آپ کا جسم اپنے کام اور افعال بہتر طریقے سے کرنے کے قابل ہو۔ آپ کے دل اور پھیپھڑے اچھی طرح اپنا کام انجام دے رہے ہوں اور آپ کا معمول زندگی ایسا ہو، جس میں اضافی کیلوریز (حرارے) استعمال ہونے کا باقاعدہ انتظام موجود ہو۔ اس سلسلے میں، آپ چند چیزوں پر عمل پیرا ہوکر اپنے لیے صحت مند زندگی کا انتخاب کرسکتے ہیں۔

نیند کے اوقات کار

رات کے وقت بھرپور نیند صحت کے لیے انتہائی اہم ہے۔ 24 گھنٹے میں 6 سے 8 گھنٹے کی نیند ایک انسان کو تازہ دم اور چست کرنے کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ اس سے روزمرہ کام کرنے کی صلاحیت بڑھ جاتی ہے، تھکن، چڑچڑے پن اور ذہنی دباؤ سے چھٹکارا ملتا ہے۔ رات کے اوقات میں لی جانے والی نیند دن کی نیند کے مقابلے میں ذہنی فائدہ مند ثابت ہوتی ہے۔ اسی لیے ماہرین رات میں جاگنے کی مخالفت کرتے نظر آتے ہیں۔

محتاط رہیں، اپنا چیک اپ کروائیں

آپ نے یہ مقولہ تو سنا ہوگا کہ احتیاط، علاج سے بہتر ہے۔ کسی بیماری کے بعد ہی ڈاکٹر کے پاس جانا ضروری نہیں۔ اپنے چند جسمانی ٹیسٹ ریگولر کرواتے رہنے سے آنے والی بیماریوں کا اندازہ ہوجاتا ہے اور پہلے ہی سے ان پر قابو پایا جاسکتا ہے۔

ورزش نہ کرنے سے 1.4 ارب انسانوں کو خطرناک بیماریوں کا خطرہ

نیویارک // عالمی ادارہ صحت کی ایک تازہ رپورٹ میں ڈاکٹروں نے خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دنیا میں ایک اعشاریہ چار ارب انسان مناسب ورزش نہ کرنے کی وجہ سے خود کو انتہائی خطرناک بیماریوں کے منہ میں دھکیل رہے ہیں۔ عالمی ادارہ صحت کی طرف سے جاری ہونے والی ایک رپورٹ کے مطابق ترقی یافتہ ممالک کے عوام آرام دہ، کاہل اور آسائش بخش زندگی سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ دنیا بھر کے ایسے ممالک میں ایک تہائی خواتین اور ایک چوتھائی مرد خود کو ایسے خطرناک حالات میں لے گئے ہیں، جہاں ہارٹ اٹیک، ذیابیطس اور کینسر جیسے امراض کا خطرہ بہت بڑھ جاتا ہے۔ بدھ کے روز دا لانسیٹ گلوبل ہیلتھ جرنل میں شائع ہونے والی اس تحقیق کے مطابق، ''غیر فعال جسمانی سرگرمیاں ایسے افراد کو این سی ڈی بیماریوں کی طرف لے کر جا رہی ہیں۔ ورزش نہ کرنے کے منفی اثرات ذہنی صحت اور معیار زندگی کو بھی متاثر کرتے ہیں۔'' ڈبلیو ایچ او نے دفاتر میں بیٹھ کر یا انتہائی آرام دہ ماحول میں کام کرنے والے بالغ افراد کو کم از کم فی ہفتہ ایک سو پچاس منٹ کی 'اعتدال پسندانہ ورزش' کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ ان میں ہلکی رفتار سے دوڑنا، تیراکی یا پھر سائیکلنگ شامل ہے۔ اگر یہی ورزشیں سخت طریقے سے کی جائیں تو پھر فی ہفتہ ان کا دورانیہ کم از کم 75 منٹ تک ہونا چاہیے۔ اس تحقیق میں سن دو ہزار سولہ کے بعد سے دنیا بھر کے 168 ممالک میں سے انیس لاکھ افراد کے اعداد و شمار شامل کیے گئے ہیں۔ محققین کے مطابق سن دو ہزار ایک کے بعد سے انسانوں کی جسمانی سرگرمیوں میں بہتری پیدا نہیں ہوئی ہے۔ اس تحقیق میں شامل ڈاکٹر ریگینا گوتھولڈ کا نیوز ایجنسی اے ایف پی سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ اس وقت دنیا کے ایک چوتھائی بالغ (ایک اعشاریہ چار ارب انسان) ناکافی فعال ہیں یا انتہائی کم ورزش کرتے ہیں۔ اس تحقیق کے مطابق غریب اور امیر اقوام میں ورزش کرنے کے رجحان میں واضح فرق پایا جاتا ہے۔ اسی طرح خواتین اور مردوں کے لائف اسٹائل میں بھی فرق ہے۔ امیر ممالک کے عوام میں ایسی بیماریوں کا خطرہ غریب ممالک کی نسبت دو گنا زیادہ ہے۔ ڈاکٹر گوتھولڈ کے مطابق امیر ممالک میں لوگ زیادہ وقت کمروں میں گزارتے ہیں، دفتری اوقات زیادہ طویل ہیں، زیادہ غذائیت والی خوراک تک رسائی آسان ہے اور محنت طلب کام بھی کم ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان ممالک میں ورزش نہ کرنے والوں کو خطرناک بیماریوں کا خطرہ زیادہ ہے۔

ڈسپوزایبل پانی کی بوتل ایک بار سے زیادہ استعمال کرنا نقصان دہ

نیویارک // کیا آپ پانی پینے کے لیے ایک ہی پلاسٹک کی بوتل روزانہ استعمال کرتے ہیں؟ اگر ہاں تو اچھی بات تو یہ ہے کہ جسم میں پانی کی سطح برقرار رکھنا صحت مند رکھنے کے لیے ضروری ہے مگر کیا آپ یہ بتائیں گے کہ آخری بار اس بوتل کو کب دھویا تھا؟ کیا آپ کو لگتا ہے کہ اسے تو صرف پانی سے بھرا جاتا ہے اور وہ گندی نہیں ہوتی؟ درحقیقت یہ پلاسٹک کی ڈسپوزایبل پانی کی بوتل ایک بار سے زیادہ استعمال کرنا آپ کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ یہ بات ایک طبی تحقیق میں سامنے آئی۔ تحقیق کے مطابق پانی کی بوتلیں بنانے والی کمپنیاں اپنے صارفین کو انہیں دوبارہ استعمال کرنے کا مشورہ نہیں دیتیں کیونکہ روزمرہ کے معمولات میں پلاسٹک میں خرابیاں آتی ہیں جیسے چٹخا ہونا یا دراڑیں۔ کیا آپ پانی پینے کے لیے ایک ہی پلاسٹک کی بوتل روزانہ استعمال کرتے ہیں؟ اگر ہاں تو اچھی بات تو یہ ہے کہ جسم میں پانی کی سطح برقرار رکھنا صحت مند رکھنے کے لیے ضروری ہے مگر کیا آپ یہ بتائیں گے کہ آخری بار اس بوتل کو کب دھویا تھا؟ کیا آپ کو لگتا ہے کہ اسے تو صرف پانی سے بھرا جاتا ہے اور وہ گندی نہیں ہوتی؟ درحقیقت یہ پلاسٹک کی ڈسپوزایبل پانی کی بوتل ایک بار سے زیادہ استعمال کرنا آپ کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ یہ بات ایک طبی تحقیق میں سامنے آئی۔ تحقیق کے مطابق پانی کی بوتلیں بنانے والی کمپنیاں اپنے صارفین کو انہیں دوبارہ استعمال کرنے کا مشورہ نہیں دیتیں کیونکہ روزمرہ کے معمولات میں پلاسٹک میں خرابیاں آتی ہیں جیسے چٹخا ہونا یا دراڑیں۔

سیب اور ناشپاتی سمیت کئی پھل فالج سے بچانے میں مددگار

ایمسٹرڈیم، ہالینڈ: سیب اور ناشپاتی سمیت کئی پھلوں اور سبزیوں میں موجود ایک اہم جزو فالج کے حملے سے روک سکتا ہے۔ ہالینڈ میں کی گئی ایک تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ اگر آپ باقاعدگی سے ناشپاتی اور سیب کھاتے ہیں تو اس سے فالج کا خطرہ 52 فیصد تک کم ہوجاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان پھلوں میں ایک خاص اینٹی آکسیڈنٹ ''کورسیٹن'' خون کے لوتھڑے بننے سے روکتا ہے اور خون کی روانی کو بھی بہتر بناتا ہے۔ یہ اینٹی آکسیڈنٹ سفید گودے والے میٹھے پھلوں میں بکثرت پایا جاتا ہے۔ اگرچہ کورسیٹن دیگر کئی پھلوں اور سبزیوں میں بھی پایا جاتا ہے لیکن سیب اور ناشپاتی کا معاملہ مختلف ہے جس کی تفصیل آگے آرہی ہے۔ ہالینڈ کے ماہرین نے 20 ہزار افراد کا 10 سال تک مطالعہ کیا اور بتایا کہ جن افراد نے زیادہ مقدار میں سیب اور ناشپاتی سمیت سفید گودے والے پھل کھائے تھے ان میں فالج کا خطرہ 52 فیصد تک کم دیکھا گیا ہے۔ یعنی اگر فی فرد سفید گودے والے پھل اور سبزیوں کی مقدار 25 فیصد بڑھائی جائے تو فالج کا خطرہ 9 فیصد تک کم ہوجاتا ہے۔ اس بنا پر 'ایک سیب کھائیں اور ڈاکٹر بھگائیں' کے محاورے کو فالج کیلیے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ کیورسٹین ایک اہم جزو ہے جو خون کے لوتھڑے بننے کو روکتا ہے اور ساتھ ہی پورے بدن میں خون کے بہاؤ کو بہتر بناتا ہے۔ بلڈ پریشر کی زیادتی اور بائی کولیسٹرول فالج کی سب سے بڑی وجوہ ہیں۔ اسی طرح سگریٹ نوشی چھوڑ کر سیب اور ناشپاتی کھانے سے فالج کو دور بھگایا جاسکتا ہے۔ ان پھلوں کو کھانے سے خلوی صحت بہتر ہوتی ہے اور سائٹوکائنز بنتے ہیں جو خون کو گاڑھا ہونے سے بچاتے ہیں۔

منفی سوچ کیسے صحت پر اثر انداز ہوتی ہے

منفی سوچ اور جذبات ہماری جسمانی و دماغی صحت پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ جو لوگ منفی سوچ رکھتے ہیں ان میں بیمار رہنے کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ اسی طرح جو لوگ خوش رہتے ہیں اور ہر بات کو ہنسی میں اڑا دیتے ہیں وہ خطرناک بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں۔ ہمارا رونا، کڑھنا، غصہ، پریشانی اور خوف ہمیں بیماری میں مبتلا کرتے ہیں۔ ہمیں کیوں کر خوشی سے صحت ملتی ہے؟ آیئے اس بارے میں جانتے ہیں۔

غصہ

غصہ ہمارے جگر پر منفی اثر ڈالتا ہے۔ ماہرین کے مطابق جب بھی غصہ آئے تو ایک گلاس ٹھنڈا پانی پی لینا چاہیے۔ باقاعدگی سے چہل قدمی بھی غصہ کے جذبات کو آہستہ آہستہ ختم کردیتی ہے۔

اداسی / غم

غم اور دکھ ہمارے دل پر اثر انداز ہوتا ہے۔ کسی قریبی عزیز کی موت، نوکری ختم ہونا یا کسی تعلق کا ختم ہونا اکثر افراد کو دل کا مریض بنا دیتا ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق غم ہمارے پھیپھڑوں پر بھی اثر انداز ہوتا ہے۔

پریشانی / فکر

پریشان ہونا اور فکر کرنا صحت کے لیے بے حد نقصان دہ ہے۔ معمولی باتوں پر بھی پریشان ہونے سے بچنا چاہیے کیونکہ یہ آپ کے معدے پر منفی اثر ڈالتا ہے۔ ڈپریشن اور پریشانی کا شکار اکثر افراد یا تو بہت زیادہ غیر معمولی طریقے سے کھاتے ہیں یا پھر بہت کم کھاتے ہیں۔ فکر اور پریشانی بالوں میں سفیدی، سر درد اور بال جھڑنے کا سبب بھی بن سکتی ہے۔ یاد رکھیں، مستقبل کو کوئی نہیں بدل سکتا، جو ہونا ہے وہ ہو کر رہے گا۔ لہٰذا آنے والے کل کی فکر چھوڑ کر حال میں خوش رہیں۔

خوف

خوف آپ کے گردوں کو نقصان پہنچاتا ہے اور ان کی کارکردگی کو کمزور کردیتا ہے۔ کچھ افراد کو کسی چیز کا فوبیا ہوتا ہے، یہ فوبیا بھی ان کے لیے نقصان دہ ہے، لہٰذا اس کا فوری علاج ضروری ہے۔

دباؤ / تناؤ

ذہنی دباؤ آپ کے دماغ اور دل پر اثر انداز ہوتا ہے۔ فالج کا شکار اکثر افراد ذہنی تناؤ میں مبتلا ہوتے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ مراقبہ، عبادت اور دوستوں، عزیزوں کے ساتھ وقت گزارنے سے ذہنی تناؤ کو کم کیا جاسکتا ہے۔

خوشی

خوشی کے بے شمار فائدے ہیں۔ یہ آپ کے اعصاب کو پرسکون اور ذہنی تناؤ کو ختم کرتی ہے۔ گھر والوں کے ساتھ اچھا وقت گزارنا، اپنی پسند کی کتاب پڑھنا یا فلم دیکھنا، اپنی پسندیدہ غذا کھانا، یہ وہ چھوٹی چھوٹی چیزیں ہیں جو آپ کو خوشی دے سکتی ہیں۔

جوش

کسی ایسے شخص سے ملنا جو زندگی سے بھرپور ہو، یا کوئی ایسا کام انجام دینا جو آپ کو جوش و جذبے سے بھر دے، دل کی صحت کے لیے بے حد فائدہ مند ہے۔ جوش و خروش دل کو متحرک کرتا ہے اور وہ اپنے افعال بہتر طور پر انجام دینے لگتا ہے۔ ماہرین کا مشورہ ہے کہ روزانہ کوئی ایک ایسا نیا کام ضرور کریں، جو آپ میں جوش پیدا کرے۔

مثبت سوچ

کسی بھی چیز کے بارے میں مثبت سوچنا آپ کو دل کا مریض بننے سے بچاتا ہے اور دل اپنے افعال بہترین طریقے سے سرانجام دیتا ہے۔

ہنسنا

قہقہہ لگانا اور ہنسنا دماغ میں تناؤ پیدا کرنے والے کیمیائی مادے کو ختم کرتا ہے۔ جب بھی آپ پریشان یا اداس ہوں تو کوئی مزاحیہ کتاب پڑھیں، کوئی مزاحیہ فلم دیکھیں، یا کسی خوش مزاج دوست سے گفتگو کریں جو آپ کو ہنسا سکے۔ ہنسنا آپ کو کئی بیماریوں سے بچاسکتا ہے۔

گلے لگانا

ماہرین کے مطابق گلے ملنے سے جسمانی و دماغی اعصاب کو سکون ملتا ہے۔ جب بھی آپ اپنے کسی عزیز یا دوست کو پریشان یا اداس دیکھیں تو اسے گلے لگالیں۔ اس سے دل میں موجود عناد ختم ہوگا اور روح بھی مسرت سے ہم کنار ہوگی۔

منفی سوچ کیوں آتی ہے

لاطینی کی معروف کہاوت ہے کہ ''اگر تم اپنی زندگی بدلنا چاہتے ہو تو سب سے پہلے تمہیں اپنی سوچ کو بدلنا ہوگا!'' ہمیں منفی سوچ کو مثبت سوچ میں بدلنا ہوگا، جس کی ایک بہت بڑی وجہ ابتدائی زندگی کے واقعات و سانحات بھی ہیں۔ بعض حادثات ایسے ہوتے ہیں جن کے نتائج منفی ہوتے ہیں اور وہ فرد کی شخصیت پر گہرے منفی اثرات مرتب کرتے ہیں۔ یہ اثرات آگے چل کر منفی سوچ کا ذریعہ بنتے ہیں۔ یہیں سے انسان شعوری یا لاشعوری طور پر منفی سوچنا شروع کردیتا ہے۔

سوچ مثبت ہوتی ہے نہ منفی

پیدائشی طور پر سوچ مثبت ہوتی ہے نہ منفی۔ ہم کسی چیز کو پہلی بار سوچتے ہیں تو وہ کچھ اور طرح کی لگتی ہے، پھر سوچتے ہیں تو کچھ اور طرح کی ہوتی ہے۔ جب ایک شے کو بار بار سوچا جاتا ہے تو اس کی ایک واضح صورت بن جاتی ہے۔ پھر اس کے متعلق سوچنا آسان ہوجاتا ہے اور پہلے سے بہتر بھی۔

منفی سوچ کا نقصان

عام طور پر ہمیں پتا ہی نہیں لگتا اور کسی بھی موضوع پر ہم غیر محسوس طور پر منفی ہوتے چلے جاتے ہیں۔ ہمارے اندر منفی سوچ کے راستے بنے ہوئے ہیں اور ہم انھیں کبھی روکنے کی کوشش نہیں کرتے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بھارت۔جرمنی دوستی ہر قدم، ہر محاذ پر گہری ہو رہی ہے/ وزیراعظم

نئی دہلی// وزیراعظم نریندر مودی نے جمعہ کو ہندوستان اور جرمنی کے درمیان مضبوط ہوتے ہوئے تعلقات کی تعریف کی، اور حالیہ تعاون کو ان کی گہری دوستی کے ثبوت کے طور پر حوالہ دیا۔ جرمن بزنس 2024 کی 18ویں ایشیا پیسیفک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، پی ایم مودی نے کہا، ایک طرف سی ای او فورم کی میٹنگ یہاں ہو رہی ہے، دوسری طرف، ہماری بحریہ ایک ساتھ مشق کر رہی ہے۔ گوا میں جرمن بحریہ کے جہاز پورٹ کال پر ہیں۔ اور اب سے تھوڑی دیر میں، ہندوستان اور جرمنی کے درمیان ساتویں بین حکومتی مشاورت کا بھی اہتمام کیا جانا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ "یعنی ہندوستان اور جرمنی کی دوستی ہر قدم پر، ہر محاذ پر گہری ہوتی جا رہی ہے۔ پی ایم مودی نے کہا کہ اس سال ہندوستان۔ جرمنی اسٹریٹجک پارٹنرشپ کے 25 سال مکمل ہو رہے ہیں اور مزید کہا کہ اگلے 25 سال اس شراکت داری کو نئی بلندیوں تک لے جانے والے ہیں۔ یہ سال ہندوستان۔ جرمنی اسٹریٹجک پارٹنرشپ کا 25واں سال ہے۔ پی ایم مودی نے کہا کہ 25 سال اس شراکت داری کو نئی بلندیوں تک لے جانے والے ہیں۔ وزیراعظم مودی نے جرمن کابینہ کے ذریعہ "ہندوستان پر فوکس" دستاویز کے اجراء کا خیر مقدم کیا، جس میں اس بات کا خاکہ پیش کیا گیا ہے کہ کس طرح دو مضبوط جمہورتیں اور معروف معیشتیں عالمی بھلائی کے لیے تعاون کر سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا مجھے خوشی ہے کہ ایسے نازک وقت پر، جرمن کابینہ نے بھارت پر فوکس دستاویز جاری کی ہے۔ بھارت پر فوکس دستاویز اس بات کا خاکہ ہے کہ کس طرح دنیا کی دو مضبوط جمہورتیں، دنیا کی دو سرکردہ معیشتیں، ایک ساتھ مل کر ایک طاقت بن سکتی ہیں۔ جرمنی نے

ہندوستان کی ہنر مند افرادی قوت پر جو بھروسہ دکھایا ہے وہ خاص طور پر حیرت انگیز ہے۔ پی ایم مودی نے یہ بھی یقین ظاہر کیا کہ ہنر مند ہندوستانیوں کے لیے ویزوں میں اضافہ کرنے کے جرمنی کے فیصلے سے اس کی ترقی کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے کہا،" جرمنی نے ہنر مند ہندوستانیوں کو ہر سال دیے جانے والے ویزوں کی تعداد 20 ہزار سے بڑھا کر 90 ہزار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اس سے جرمنی کی ترقی کو ایک نئی تحریک ملے گی۔ دریں اثنا، مئی 2020 میں مشرقی لداخ میں لائن آف ایکچول کنٹرول پر فوجی کشیدگی کو کم کرنے کے ایک اہم معاہدے کے بعد، وزیر اعظم نریندر مودی نے آج برکس سربراہی اجلاس کے موقع پر چینی صدر شی جن پنگ کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کی۔ ملاقات میں سرحدی معاملے پر نمائندہ خصوصی کی سطح کا اجلاس جلد بلانے پر اتفاق کیا گیا۔ نامہ نگاروں کو اس اہم ملاقات کے بارے میں اطلاع دیتے ہوئے خارجہ سکریٹری وکرم مصری نے کہا کہ تقریباً پانچ سال بعد قائدین کے درمیان دو طرفہ ملاقات ہوئی ہے۔ آخری ملاقات 2019 میں برازیلیا میں برکس سربراہی اجلاس کے موقع پر ہوئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ یہ میٹنگ 2020 میں ہندوستان۔ چین سرحدی علاقوں میں پیدا ہونے والے مسائل کے خاتمے اور گشت کے معاہدے اور ان کے حل کے بعد ہوئی ہے۔ قائدین نے گزشتہ کئی ہفتوں کے دوران سفارتی اور فوجی چینلز پر مسلسل بات چیت کے ذریعے فریقین کے درمیان طے پانے والے اتفاق رائے کا خیر مقدم کیا۔ بات چیت میں، دونوں رہنماؤں نے سرحدی مسائل پر اختلافات کو ہماری سرحدوں پر امن کو خراب کرنے کی اجازت نہ دینے کی اہمیت پر زور دیا اور تسلیم کیا کہ ہند چین سرحدی سوال پر خصوصی نمائندوں کا سرحدی سوال کو حل کرنے اور سرحدی علاقوں میں امن برقرار رکھنے میں اہم کردار ہے۔ سکریٹری خارجہ نے کہا کہ قائدین نے دو طرفہ تعلقات کی صورتحال کا تزویراتی اور طویل مدتی نقطہ نظر سے بھی جائزہ لیا۔ دونوں نے تاثر ظاہر کیا کہ دنیا کی دو بڑی قوموں ہندوستان اور چین کے درمیان مستحکم دو طرفہ تعلقات علاقائی اور عالمی امن اور خوشحالی پر مثبت اثرات مرتب کریں گے۔ دونوں نے اس بات پر زور دیا کہ پختگی اور دانشمندی کے ساتھ اور ایک دوسرے کی حساسیت، مفادات، خدشات اور خواہشات کے لیے باہمی احترام کا مظاہرہ کرتے ہوئے دونوں ممالک پرامن، مستحکم اور فائدہ مند دو طرفہ تعلقات استوار کر سکتے ہیں۔

کوئی شواہد شیئر نہیں کیے گئے، یہ سب سیاسی طور پر محرک تھا

ہندوستان۔کینیڈا تنازع پر ہندوستانی ایلچی سنجے کمار ورما کا بیان

نئی دہلی// ہندوستانی ایلچی سنجے کمار ورما، جنہیں مرکز نے ٹروڈو حکومت کے اقدامات سے ہندوستانی سفارت کاروں کی "حفاظت کو خطرہ میں ڈالنے" کے طور پر واپس بلا لیا تھا، نے کہا ہے کہ کینیڈین حکام نے ان کے الزامات کے بارے میں ثبوت کا ایک حصہ بھی شیئر نہیں کیا ہے۔ ان کی سرزمین پر ایک قتل کے بارے میں اور یہ سیاسی طور پر حوصلہ افزائی کے الزامات کے ذریعے بھارت کو نشانہ بنانے کے بارے میں غلط تصور تھا۔ ایک خصوصی انٹرویو میں، سنجے ورما نے اس بات پر زور دیا کہ ہندوستان، ایک "ذمہ دار جمہوریت" ہونے کے ناطے کسی بھی ملک کو نقصان پہنچانے کی پالیسی نہیں رکھتا ہے اور نہ ہی دوسری قوموں کے اندرونی معاملات میں مداخلت کرتا ہے۔ ورما نے نوٹ کیا کہ کینیڈا میں مقیم خالصتانی انتہا پسند کینیڈا کے شہری ہیں۔ "اگر آپ پورے واقعے پر نظر ڈالیں، اور ہم ہمیشہ یہ کہتے رہے ہیں کہ ہمارے ساتھ کوئی ثبوت شیئر نہیں کیا گیا ہے، تو مجھے لگتا ہے کہ یہ بڑی حد تک سیاسی طور پر محرک ہے اور ہندوستان کو نشانہ بنانا ایک غلط تصور ہے۔ ہم ایک ذمہ دار جمہوریت ہیں۔ کسی بھی ملک کے اندرونی معاملات میں مداخلت کی پالیسی نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ خالصتانی انتہا پسند اور دہشت گرد نہ تو بھارت کے حامی ہیں اور نہ ہی کینیڈا کے حامی ہیں اور بھارت اور کینیڈا کے تعلقات کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ "کینیڈا سے باہر نکلنے والے خالصتانی انتہا پسند اور دہشت گرد کینیڈا کے شہری ہیں۔ اس لیے وہاں ان کا بہت زیادہ سیاسی اثر و رسوخ پر وہ ڈال چکے ہیں۔ وہ مختلف سیاسی جماعتوں کو اپنے خیالات رکھنے کے لیے متاثر کرتے ہیں۔ اس انحصار سے یقیناً بھارت کے خلاف سازش کی آ گئی ہے۔ یہ خالصتانی انتہا پسند اور دہشت گرد بھارت کے حامی نہیں ہیں لیکن وہ کینیڈا اور بھارت کے درمیان تعلقات خراب کر رہے ہیں۔ انہوں نے اپنے اوپر لگائے گئے الزامات پر اپنا درد بھی ظاہر کیا۔ یہ تکلیف دہ تھا کیونکہ میں وہاں دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید بہتر بنانے کے لیے گیا تھا اور مجھ پر الزامات لگائے گئے۔ وہ بھی ایسا گھناؤنا الزام جس سے میرے ملک کی بدنامی ہو سکتی ہے۔

سپریم کورٹ نے انہدامی کارروائی سے متعلق توہین عدالت کی درخواست مسترد کر دی

نئی دہلی// سپریم کورٹ نے غیر منقولہ جائیدادوں کو منہدم کرنے کے معاملے میں اتر پردیش حکومت، اتراکھنڈ اور راجستھان کے سینئر افسران کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی کرنے کی درخواست کو آج مسترد کر دیا۔ جسٹس بی آر گوئی، پرشانت کمار مشرا اور کے وی وشواناتھن کی بنچ نے عرضی کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس پر غور کرنے کے لیے تیار نہیں ہے۔ بنچ نے کہا کہ ہم پنڈورا باکس نہیں کھولنا چاہتے۔ نیشنل فیڈریشن آف انڈین ویمن کی طرف سے پیش ہونے والے ایڈوکیٹ ایم نظام پاشا نے دعویٰ کیا کہ ایسے تین واقعات میں جہاں مسمار کرنے سے پہلے عدالت سے اجازت نہیں لی گئی تھی۔ ان ریاستی حکومتوں کی طرف سے پیش ہونے والے ایڈیشنل سالیسٹر جنرل کے ایم نٹراج نے کہا کہ انہدام فٹ پاتھ پر کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ عرضی خبروں کی بنیاد پر تیسرے فریق نے دائر کی تھی۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ وہ جائیدادوں کے انہدام سے متاثرہ لوگوں کی سماعت کرے گی۔ اس پر درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ ایسے حقائق سامنے لانے والے صحافیوں کو بھی نتائج کا سامنا کرنا پڑا جس کے بعد بنچ نے کہا کہ صحافیوں کو عدالت سے رجوع کرنے دیں۔ درخواست میں الزام لگایا گیا ہے کہ ہریدوار، جے پور اور کانپور میں حکام نے عدالت عظمیٰ کے حکم کی توہین کرتے ہوئے غیر منقولہ جائیدادوں کو منہدم کر دیا ہے۔ سپریم کورٹ نے اپنے حکم میں کہا تھا کہ ملزم کی جائیداد کو اس کی اجازت کے بغیر نہیں گرایا جائے گا۔ عدالت عظمیٰ نے یکم اکتوبر کو اپنے 17 ستمبر کے حکم میں توسیع کی تھی، جس نے حکومت کو اس عدالت کی اجازت کے بغیر فوجداری کے معاملے میں کسی ملزم کی جائیداد کو مسمار کرنے کے لیے بلڈوزر استعمال کرنے سے روک دیا تھا۔ تاہم، عدالت نے عوامی سڑکوں، فٹ پاتھوں، ریلوے لائنوں یا آبی ذخائر پر تجاوزات سے متعلق کارروائیوں کو اس حکم سے مستثنیٰ قرار دیا تھا۔

دہلی کے ہر بچے کو اپنی صلاحیتوں کے مطابق ترقی کرنے کا موقع ملنا چاہیے/ آتشی

نئی دہلی// دہلی کی وزیر اعلیٰ آتشی نے آج کہا کہ ان کا خواب ہے کہ قومی دارالحکومت دہلی میں رہنے والے ہر بچے کو اپنی صلاحیتوں کے مطابق آگے بڑھنے کا موقع ملے۔ آج یہاں چھترسال اسٹیڈیم میں 'دہلی اسٹیٹ اسکول گیمز 2024 - 25' کا افتتاح کرتے ہوئے محترمہ آتشی نے کہا" ہمارا خواب ہے کہ دہلی میں رہنے والے ہر بچے کو اپنی صلاحیتوں کے مطابق ترقی کرنے کا موقع ملے۔" انہوں نے کہا کہ چاہے پڑھائی ہو یا کھیل کود، دہلی حکومت یہ ذمہ داری لیتی ہے کہ طلباء کو ترقی کے ہر طرح کے مواقع ملیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کبھی بھی فنڈز کی کمی کھلاڑیوں کے ٹیلنٹ میں رکاوٹ نہیں بننی چاہیے، اس لیے دہلی حکومت نے پلے اینڈ پروگریس اینڈ مشن ایکسی لینس اسکیم شروع کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہلی حکومت، دہلی اسٹیٹ اسکول گیمز کے ذریعے ان کی مدد کرتی ہے۔ ہر سال اسکولوں میں ابھرتے ہوئے کھیلوں کی صلاحیتوں کو ظاہر کرنے کے لیے دہلی حکومت مستقبل کے اولمپک اور بین الاقوامی تمغوں کے لیے تیاری کر رہی ہے۔ محترمہ آتشی نے کہا کہ بچہ چاہے امیر گھرانے سے ہو یا غریب گھرانے سے، وہ ایک بہترین کھلاڑی بن سکتا ہے۔ ایسے باصلاحیت کھلاڑیوں کو سپورٹ کرنے کے لیے دہلی حکومت نے 'پلے اینڈ پروگریس اسکیم شروع کی ہے، جس میں حکومت 17 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کو ان کی کھیلوں کی تربیت اور سامان کے لیے 2 سے 3 لاکھ روپے کی امداد فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا 2018 سے 2022 تک، 1500 سے زیادہ کھلاڑیوں نے پلے اینڈ پروگریس اسکیم سے تعاون حاصل کیا ہے۔ اور ہم امید کرتے ہیں کہ آنے والے وقتوں میں اس اسکیم کے ذریعے اور بھی بہت سے کھلاڑی سپورٹ حاصل کریں گے۔

رتن ٹاٹا کی 10 ہزار کروڑ کی جائیداد کے حوالے سے نیا انکشاف

نئی دہلی// رتن ٹاٹا کی وصیت سے متعلق اہم انکشافات منظر عام پر آئے ہیں۔ کئی دہائیوں تک ٹاٹا گروپ کی قیادت کرنے والے رتن ٹاٹا کا چند روز قبل انتقال ہو گیا تھا اور انہوں نے اپنے پیچھے تقریباً 10000 کروڑ روپے کی مالیت چھوڑی دی ہے۔ ان کی وصیت کے مطابق، ان کی جائیداد کا بڑا حصہ فلاحی اداروں، گھریلو ملازمین اور ان کے ذاتی اسٹاف میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ٹاٹا کی جائیداد سے ان کے بھائی جمی ٹاٹا اور سوتیلی بہنوں شیرین اور دینا جی جی بھوائے کو بھی حصہ دیا گیا ہے۔ ٹائمز آف انڈیا کی رپورٹ کے مطابق، رتن ٹاٹا نے اپنے جرمن شیفرڈ کتے ٹیٹو کی لا محدود دیکھ بھال کے لیے بھی وصیت میں انتظامات کیے ہیں، جسے ان کے دیرینہ باورچی راجن شاؤ سنبھالیں گے۔ اس کے علاوہ وصیت میں رتن ٹاٹا کے معاون، شانتنو نائیڈو کا نام بھی شامل ہے، جنہیں ان کے وینچر 'گڈ فیلو' میں ٹاٹا کی شراکت دی گئی ہے۔ مزید برآں، نائیڈو کے تعلیمی قرضے بھی معاف کر دیے گئے ہیں جو انہوں نے بیرون ملک تعلیم حاصل کرنے کے لیے لیے تھے۔ ٹاٹا کی ملکیت میں کئی جائیدادیں شامل ہیں، جیسے علی باغ میں 2000 مربع فٹ کا ساحلی بنگلہ، ممبئی کے جوہو تارا روڈ پر دو منزلہ مکان، اور 350 کروڑ روپے سے زائد کی ایف ڈی۔ اس کے علاوہ، ٹاٹا سنز میں ان کی 0.83 فیصد حصہ داری جس کی مالیت 165 ارب ڈالر کے قریب ہے، کو 'رتن ٹاٹا انڈومنٹ فاؤنڈیشن' کو منتقل کی جائے گی۔ ٹاٹا نے اپنے زندگی کے دوران حاصل کردہ مختلف اعزازات اور ایوارڈز بھی 'ٹاٹا سینٹرل آرکائیوز' کو عطیہ کر دیے ہیں تاکہ ان کی میراث کو آئندہ نسلوں کے لیے محفوظ کیا جا سکے۔

بہار۔شمال مشرق کو جوڑنے والے 4553 کروڑ روپے کے پروجیکٹ کی منظوری

نئی دہلی// حکومت نے بہار، اڈیشہ، مغربی بنگال اور شمال مشرقی ریاستوں کو جوڑنے والے ایک بڑے ریل پروجیکٹ کو منظوری دی ہے، جو سرمایہ کاروں کو راغب کرے گا اور انہیں ریل کے ساتھ ساتھ بندرگاہوں سے بھی رابطہ فراہم کرے گا۔ وزیر اطلاعات و نشریات اشونی ویشنو نے وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں آج یہاں کابینہ کی میٹنگ کے بعد یہ اطلاع دی۔ مسٹر ویشنو نے کہا کہ یہ پروجیکٹ 4553 کروڑ روپے کا ہے جو بہار میں کنیکٹیویٹی کو بے مثال طاقت فراہم کرے گا۔ اس منصوبے کے تحت 286 کلومیٹر ریلوے لائن بچھائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ شمالی بہار کا ڈریم پراجیکٹ ہے اور شمالی بہار کے اس دیرینہ ڈریم پروجیکٹ کو آج منظوری دی گئی ہے۔ یہ نیپال کی سرحد کے ساتھ ساتھ نرکٹیا گنج، رکسول، مظفر پور، سیتامڑھی وغیرہ کو جوڑنے والا ایک بڑا ٹرانسپورٹ کوریڈور بن جائے گا۔ یہ بڑا پروجیکٹ جنک پوری، کشتی، اجودھیا جیسے مذہبی مقامات سے رابطہ فراہم کرے گا۔ یہ 4553 کروڑ روپے کا پروجیکٹ ہے جس میں 286 کلومیٹر ریلوے لائن تعمیر کی جانی ہے۔ مسٹر ویشنو نے کہا کہ اگر کوئی سرمایہ کار اس پروجیکٹ کی تعمیر کی وجہ سے منتقل ہو کر آتا ہے تو یہ پروجیکٹ اسے بندرگاہ سے جوڑنے میں بھی اہم ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس پروجیکٹ کی تعمیر سے بہار اور شمالی بہار کے لیے سب سے بڑا ٹرانسپورٹ کوریڈور ملے گا۔

وارانسی میں 13ویں نیشنل سیڈ کانگریس کا انعقاد

نئی دہلی// زراعت اور کسانوں کی بہبود کی مرکزی وزارت آئندہ ماہ اتر پردیش کے وارانسی میں نیشنل سیڈ کانگریس (این ایس سی) کے 13ویں ایڈیشن کا اہتمام کرے گی۔ مرکزی زراعت اور کسانوں کی بہبود کے محکمے کی ایڈیشنل سکریٹری شوبھا ٹھاکر نے آج یہاں بتایا کہ یہ تقریب 28 نومبر سے 30 نومبر تک منعقد ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ یہ پروگرام انٹرنیشنل رائس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (آئی آر آر آئی)، ساؤتھ ایشیا ریجنل سینٹر (آئی ایس اے آر سی) اور نیشنل سیڈ ریسرچ اینڈ ٹریننگ سینٹر (این ایس آر ٹی سی) کے اشتراک سے منعقد کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کی آمدنی میں اضافہ اور لاتعداد لوگوں کے لیے خوراک اور غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے اعلیٰ معیار، آب و ہوا کے لیے مزاحم اور غذائیت سے بھرپور بیجوں کی بہتر اقسام کی دستیابی پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہے۔ این ایس سی۔ 2024 زراعت کو مضبوط بنانے اور چیلنجوں کے حل کو یقینی بنانے اور کسانوں کو بااختیار بنانے پر غور کرے گا۔ آئی آر آر آئی کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر یوون پنٹو نے کہا کہ یہ تقریب ایک ایسے وقت میں ہو رہی ہے جب زرعی شعبے کو مارکیٹ میں مسلسل بڑھتی ہوئی مانگ کا سامنا ہے، اس لیے اسے پورا کرنے کے لیے بیج کے مزید جامع اور پائیدار نظام کی ضرورت ہے۔ متنوع زرعی ماحولیات میں بیج ویلیو چین کے ماہرین اور اسٹیک ہولڈرز کو اکٹھا کرنے سے ہم ان پیچیدہ مسائل کے موثر حل پیدا کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔ این ایس سی۔ 2024 پائیدار، مساوی اور لچکدار بیج کے نظام کی تعمیر پر توجہ مرکوز کرے گا۔ ان میں موسمیات کے لحاظ سے لچکدار بیج کی پیداوار اور بیج کے نظام، بیج کے معیار اور ٹیکنالوجی میں پیشرفت، بیج کی پیداوار کے لیے ڈیجیٹل حل، بیج کے نظام اور مارکیٹ کی بصیرت، بیج کے شعبے میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کو مضبوط کرنا، معاش میں بہتری کے لیے بیج کے جامع نظام اور اسٹریٹجک بیج اقدامات کے ذریعے بیج کی تقسیم اور غذائی تحفظ کے موضوعات شامل ہیں۔

کانگریس اتر پردیش اسمبلی کے ضمنی انتخابات میں اپنے امیدوار نہیں اتارے گی

نئی دہلی//

کانگریس نے اتر پردیش اسمبلی کے ضمنی انتخابات میں اپنا کوئی امیدوار کھڑا نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور وہ بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کو شکست دینے کے لیے انڈیا اتحاد کی جیت کو یقینی بنانے کے لیے کام کرے گی۔ کانگریس کے اتر پردیش امور کے انچارج اویناش پانڈے اور ریاستی کانگریس کے صدر اجے رائے نے آج یہاں پارٹی ہیڈکوارٹر میں ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی نے اسمبلی کے ضمنی انتخابات میں کسی بھی سیٹ پر امیدوار کھڑا نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا" اتر پردیش میں 10 میں سے 9 سیٹوں پر ضمنی انتخابات ہونے والے ہیں، لیکن آج یہ وقت اپنی تنظیم یا پارٹی کو بچانے کا نہیں ہے، بلکہ یہ وقت آئین اور بھائی چارے کی حفاظت کرنے کا ہے۔" اس کے پیش نظر کانگریس کی اعلیٰ قیادت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ پارٹی اتر پردیش اسمبلی کے ضمنی انتخابات میں اپنے امیدوار نہیں اتارے گی، ہم انڈیا اتحاد کے امیدواروں کی جیت کے لیے کوشش کریں گے۔ کانگریس کے لیڈروں نے کہا" حال ہی میں اتر پردیش کانگریس کمیٹی کی قیادت میں تمام 10 اسمبلیوں میں 'آئین بچاؤ قرارداد' کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ اگر بی جے پی کو آج نہیں روکا گیا تو مستقبل میں آئین، بھائی چارہ اور باہمی ہم آہنگی نہیں رہے گی۔ یوپی کانگریس کے کارکنوں نے ان انتخابات میں بی جے پی کو شرمناک شکست دینے کا عزم کیا ہے، تاکہ 2027 کے آنے والے انتخابات میں اس کا مثبت اثر پڑے۔ انہوں نے کہا کہ اتر پردیش میں انڈیا اتحاد کے تمام امیدواروں کو کانگریس کارکنوں کی حمایت حاصل

اسرو چیف نے خلائی حرکیات اور قومی مفادات کے تحفظ پر زور دیا

بنگلورو//

انڈین اسپیس ریسرچ آرگنائزیشن (اسرو) کے چیئرمین ڈاکٹر ایس سوماناتھ نے چانکیہ ڈیفنس ڈائیلاگ 2024 میں اپنے خطاب کے دوران خلائی حالات سے متعلق آگاہی کی بڑھتی ہوئی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ متحرک خلائی ماحول کو سمجھنا بہت ضروری ہے کیونکہ خلا میں اشیاء کی تعداد مسلسل بڑھ رہی ہے۔ ڈاکٹر سوماناتھ نے تیزی سے بدلتے ہوئے ڈومین کو نوٹ کیا، جس میں ریزولوشن اور سپیکٹرل خصوصیات میں پیشرفت ہوتی ہے، جس سے خلائی اشیاء کے مشاہدے اور نگرانی میں چیلنجز پیدا ہوتے ہیں۔ اس نے چاند اور مریخ کی ہجوم کی نوعیت پر تبصرہ کیا، بار بار انسانی خلائی مشنوں کے نتیجے میں۔

ای ڈی نے والمیکی کیس میں سابق وزیر ناگیندر کی ضمانت کی مخالفت کی

بنگلورو// انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) نے جمعرات کو کرناٹک ہائی کورٹ میں سابق وزیر بی ناگیندر کو ضمانت دینے کے خصوصی عدالت کے فیصلے کو چیلنج کیا، جسے والمیکی کارپوریشن اسکام کے سلسلے میں 12 جولائی کو گرفتار کیا گیا تھا۔ جسٹس ایم ناگا پرسنا نے وزیر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 15 نومبر کو اگلی طے شدہ سماعت تک اپنا جواب داخل کرنے کی ہدایت دی۔ ای ڈی کے قانونی نمائندے ایڈیشنل سالیسٹر جنرل ایس وی راجو نے دلیل دی کہ خصوصی عدالت کا فیصلہ کئی غلط مفروضوں پر مبنی ہے جبکہ ای ڈی نے فوری مداخلت کی درخواست کی۔ ہائی کورٹ نے کہا کہ وہ کسی بھی عبوری حکم پر غور کرنے سے پہلے دونوں فریقوں کو سننے کا انتظار کرے گی۔ اس سے پہلے 14 اکتوبر کو، بنگلورو کی ایک خصوصی عدالت نے وزیر کو ضمانت دی تھی، جس پر کرناٹک مہارشی والمیکی شیڈولڈ ٹرائب ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے فنڈز کا غلط استعمال کرنے کا الزام ہے۔ ای ڈی نے ان پر غیر قانونی طور پر تقریباً 90 کروڑ روپے غیر مجاز کھاتوں میں منتقل کرنے کا الزام لگایا ہے۔ اس ماہ ای ڈی کی طرف سے چارج شیٹ داخل کیے جانے کے باوجود اس گھپلے کی تحقیقات کے لیے کرناٹک حکومت کی طرف سے تشکیل دی گئی خصوصی تفتیشی ٹیم (ایس آئی ٹی) نے اپنی ایف آئی آر میں وزیر ناگیندر کا نام نہیں لیا۔ قابل ذکر ہے کہ مبینہ گھپلہ اس سال مئی میں والمیکی کارپوریشن کے اکاؤنٹس سپرنٹنڈنٹ چندر شیکھر کی خودکشی کے بعد سامنے آیا ہے۔ ایک نوٹ میں مسٹر چندر شیکھر نے عہدیداروں پر فلاحی فنڈز میں غبن کا الزام لگایا تھا، جس کے بعد ایس آئی ٹی اور ای ڈی دونوں نے الگ الگ تحقیقات شروع کیں۔ عدالت کیس کی اگلی سماعت 15 نومبر کو کرے گی۔

مرکزی حکومت اپنی ذمہ داریوں سے بھاگ رہی ہے/ برسٹ

موہالی// پنجاب عام آدمی پارٹی کے ریاستی جنرل سکریٹری اور پنجاب منڈی بورڈ کے چیئرمین ہرچند سنگھ برسٹ نے جمعرات کو کہا کہ مرکزی حکومت کی جانب سے پنجاب کے ماحول کو خراب کرنے کی مسلسل کوششیں کی جا رہی ہیں اور مرکزی حکومت کے سوتیلے رویے سے پنجاب کی منڈیوں سے دھان اٹھانے میں دقتیں آ رہی ہیں۔ مسٹر برسٹ نے کہا کہ مرکزی حکومت پنجاب ریاست کے گوداموں میں پہلے سے پڑے ہوئے اناج کے ذخیرے کو منتقل کرنے میں جان بوجھ کر تاخیر کر رہی ہے، جبکہ پنجاب کے شیلرز میں بھی تقریباً 20 ہزار میٹرک ٹن چاول اسٹوروں میں پڑا ہے۔ اسی طرح پنجاب کے گوداموں میں چاہے وہ ایف سی آئی کا ویئر ہاؤس یا کوئی گودام ہی ہو، ان میں تقریباً 140 لاکھ ٹن چاول اور گیہوں کا ذخیرہ پڑا ہے اور یہ سارا ذخیرہ مرکزی حکومت کا ہے، جسے مرکزی حکومت کی جانب سے وقت پر نہیں اٹھایا گیا۔

دانا طوفان کے باوجود میٹرو ٹرین معمول کے مطابق چلے گی

کلکتہ// سمندری طوفان دانا کی وجہ سے زندگی تقریباً مفلوج ہو کر رہ گئی ہے۔ سیالدہ اور ہوڑہ سیکشن پر کئی ٹرینیں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ فضائی خدمات معطل ہیں۔ یہاں تک کہ فیری سروس بھی جمعرات سے بند ہے۔ لیکن کلکتہ میں میٹرو سروس معمول پر ہے۔ میٹرو ریل کے چیف پبلک ریلیشن آفیسر کوشک مترا نے کہا کہ ہر کوئی جانتا ہے کہ ایک طوفان آنے والا ہے۔ یہ کسی بھی وقت لینڈ فال کر سکتا ہے۔ اس صورتحال میں بہت سے لوگ جاننا چاہتے ہیں کہ میٹرو سروس کیسی ہوگی؟ یعنی طوفان کے دوران میٹرو بند رہے گی یا نہیں۔ میں واضح کر دوں، میٹرو خدمات مکمل طور پر معمول پر رہیں گی، کوئی تبدیلی نہیں کی جا رہی ہے۔ کوشک نے یہ بھی کہا کہ میٹرو ہر روز کی طرح دکشینشور۔ دمدم۔ کوی سبھاش لائن پر وقت پر چلے گی۔ دم دم سے کوی سبھاش اور کوی سبھاش سے دم دم تک آخری میٹرو سروس روزانہ رات 10:40 پر دستیاب ہے۔ طوفانوں کے دوران بھی میٹرو ٹرین چلے گی۔ گرین لائن یعنی ہوڑہ میدان سے دھرمتلہ تک سروس بھی معمول پر رہے گی۔ سالٹ لیک سے سیالدہ میٹرو کے شیڈول میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔ ہیمنت مکھوپادھیائے سے کوی سبھاش تک میٹرو سروس رات 8 بجے رک جاتی ہے۔ جوکا تا ماجرہاٹ لائن پر سروس بھی کچھ گھنٹوں کے بعد رک جاتی ہے۔ اس معاملے میں بھی ایسا ہی ہوگا۔ کوشک نے کہا کہ میٹرو ریل کلکتہ کی لائف لائن ہے۔ یہ طوفان کی وجہ سے نہیں رکے گی۔ واضح رہے کہ طاقتور طوفان جمعرات کی رات اور جمعہ کی صبح کے درمیان زمین سے ٹکرانے والا ہے۔ اس کا ممکنہ لینڈ فال اوڈیشہ کے بھیتر کانیکا اور دھمارا کے درمیان کہیں ہوگا۔ اس کے نتیجے میں، 120 کلومیٹر فی گھنٹہ کی زیادہ سے زیادہ رفتار کے ساتھ طوفان اڈیشہ اور مغربی بنگال کے ساحل پر ہو سکتا ہے۔ کلکتہ میں طوفان کی زیادہ سے زیادہ رفتار 80 کلومیٹر فی گھنٹہ ہوگی۔ طوفان سے نمٹنے کے لیے متحرک انتظامیہ۔ کلکتہ میونسپلٹی کی جانب سے کئی احتیاطی اقدامات کیے گئے ہیں۔ متعدد ہیلپ لائن نمبرز اور کنٹرول روم کو فعال رکھا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے کہا کہ وہ جمعرات کی رات نوبنو میں موجود رہیں گی۔ وہ وہاں سے صورتحال کا جائزہ لیں گے۔ طوفان کی وجہ سے احتیاطی تدابیر کے طور پر جمعرات کی رات سے سیالدہ سے 190 لوکل ٹرینوں کو منسوخ کر دیا گیا ہے۔ تمام جنوبی اور حسن آباد کی ڈویژن کی ٹرینیں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ ہوڑہ سے جمعہ کی صبح کی کچھ ٹرینیں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ متعلقہ انتظامیہ نے بتایا کہ کلکتہ ہوائی اڈے سے پروازیں 15 گھنٹے کے لیے معطل رہیں گی۔ جمعرات کی شام سے فضائی ٹریفک معطل رہے گی۔ کلکتہ میں صرف میٹرو سروس معمول پر ہے۔

The Urdu Daily WATTAN
وطن

جب ہندوستان میں ”گڈ گورننس“ کا انقلاب آیا

سید عاصم محمود

کچھ عرصہ قبل وزیراعظم پاکستان نے قائداعظم بزنس پارک کا افتتاح کرتے ہوئے قوم کو بتایا کہ انہیں احساس ہوا ہے کہ ملکی حکومتی نظام کرپٹ ہے۔ وہ کسی کو آسانی سے کام نہیں کرنے دیتا۔ پیسا لگاؤ تو کام ہو جاتے ہیں۔ سسٹم کی خرابی کے باعث عوام کی فلاح و بہبود کے منصوبے بھی مکمل نہیں ہو پاتے۔ کرپٹ نظام کوئی نئی بات نہیں اور نہ ہی اسے درست کرنا کوئی ناممکن بات ہے۔

حکومتی نظام کی اصلاح کرنے والے حکمرانوں میں ایک نمایاں نام شیر شاہ سوری کا ہے جو بہترین انتظام حکومت یا گڈ گورننس انجام دینے کے ماہر تھے۔ انہوں نے صرف پانچ سال کی قلیل

مدت میں حکومت کو عوام کا خدمت گزار بنا دیا۔ دور حاضر میں بھی وزیراعظم یا صدر کو اپنی صلاحیتیں ظاہر کرنے کی خاطر پانچ سال ملتے ہیں۔ شیر شاہ سوری (متوفی 1545ء) کی مثال سے عیاں ہے کہ اگر کوئی حکمران اپنی مملکت میں گڈ گورننس لانا چاہے تو پانچ سال کی مدت کافی ہے۔

حکمرانوں کی عالمی تاریخ میں شیر شاہ ممتاز ہیں۔ کٹر دشمن، مغل بادشاہ ہمایوں انہیں ”استاد بادشاہاں“ کہہ کر پکارا تھا۔ وہ بہادر، دانش مند اور سب سے بڑھ کر عوام کے خیر خواہ حکمران تھے۔ انہوں نے رنگ، نسل اور مذہب سے ماورا ہو کر اپنے لوگوں کی خدمت کی اور انہیں متحد کرنے کی سعی کرتے رہے۔ شیر شاہ سوری کی داستان اس لحاظ سے بھی سبق آموز ہے کہ وہ عام سردار کے بیٹے تھے مگر انہوں نے اپنی خداداد قابلیت کے بل بوتے پر تخت دہلی پایا۔

اگر وہ حادثے کا شکار نہ ہوتے، تو ہندوستان کو ترقی و خوشحالی کے لحاظ سے بام عروج پر پہنچا دیتے۔ ان کی داستان سے عیاں ہے کہ جس قوم کو باصلاحیت، اہل اور ایمان دار حکمران مل جائے تو وہ پستی سے اٹھ کر ترقی پاتی ہے۔ حکمران طبقہ کرپٹ ہو تو پھر وہ پوری قوم کا بھی بیڑا غرق کر سکتا ہے۔ شیر شاہ کو کامیابیاں اس لیے ملیں کہ وہ عوام کے دکھ درد سے واقف تھے۔ حکمران بن کر بھی انہوں نے عام آدمی سے رابطہ رکھا اور اس کے مسائل حل کرنے کی جستجو میں رہے۔

شیر شاہ سوری کے پشتون اجداد 1470ء میں افغانستان سے ہندوستان آئے اور ہریانہ میں ایک پٹھان سردار کی جاگیر میں کام کرنے لگے۔ وہیں 1486ء میں شیر شاہ حصار یا بجواڑہ میں پیدا ہوئے۔ اصل نام فرید خان تھا۔ والد نے ترقی کی اور انہیں جاگیریں مل گئیں۔ ان کی چار بیویاں تھیں۔ چوتھی بیوی کے باعث باپ بیٹے میں کشیدگی ہو گئی۔ شیر شاہ پھر والد کے دوست کے پاس مشہور علمی شہر، جون پور چلے گئے۔ وہیں انہوں نے تعلیم پائی اور دینی و تاریخی کتب کا مطالعہ کیا، جلد نوجوان کو مطالعے کی چاٹ لگ گئی اور انہوں نے سینکڑوں کتب پڑھ ڈالیں۔ مطالعے سے ان کا ذہنی کینوس وسیع ہوا اور عقل و دانش بڑھی۔ فرید خان کو فاتحین کی آپ بیتیاں پڑھنے کا شوق تھا۔ مطالعے نے ان کی شخصیت اور کردار نکھارنے میں مدد دی۔

چند سال بعد بزرگوں نے باپ بیٹے میں صلح کرا دی۔ حسن خان نے بیٹے کو سسرام اور خواص پور (ریاست بہار) کی جاگیروں کا انتظام سونپ دیا۔ شیر شاہ جاگیروں کا مکمل کنٹرول چاہتے تھے۔ انہوں نے والد کو لکھا: ”مجھے معلوم ہوا ہے کہ وہاں ہمارے کچھ رشتے داروں اور فوجیوں کی زمینیں ہیں۔ ان زمینوں پر کچھ پٹواری کسانوں پر ظلم کرتے ہیں۔ یہ انتہائی غلط عمل ہے۔ ہر علاقے میں عدل و انصاف ہی ترقی کی جڑ ہوتی ہے جبکہ ناانصافی نہایت خطرناک اور تباہ کن چیز ہے۔ یہ حکومت کی بنیادیں کمزور کر کے اسے برباد کر دیتی ہے۔ آپ مجھے جاگیروں کا مکمل انتظام دیجیے تاکہ میں ظلم و ناانصافی کا خاتمہ کر کے وہاں عدل و انصاف قائم کر سکوں۔“

حسن خان بیٹے کے عزم اور منصف مزاجی سے متاثر ہوئے۔ انہوں نے اسے علاقوں کا مکمل کنٹرول دیا اور وعدہ کیا کہ وہ ان کے امور میں مداخلت نہیں کریں گے۔ یوں انہوں نے بیٹے کو موقع دیا کہ وہ اپنی انتظامی صلاحیتوں کو آزادی سے آزما سکے۔ شیر شاہ نے بھی انہیں مایوس نہیں کیا اور پرگنوں میں بہترین نظام حکومت قائم کر دیا۔ ظالم عزیز و اقارب کو سزائیں دیں۔ یوں انہیں زندگی میں حکومت کرنے کا عملی تجربہ حاصل ہوا۔ شیر شاہ پھر ترقی کرتے چلے گئے۔ مئی 1540ء میں قنوج کے مقام پر ہمایوں کو شکست دی۔ اس طرح ہندوستان کے نئے بادشاہ بن گئے۔ انہوں نے دہلی کو اپنا دارالحکومت بنایا۔

حکومت تقریباً آدھے ہندوستان (بنگال و بہار سے لے کر اتر پردیش، پنجاب اور سندھ تک) پھیلی ہوئی تھی۔ اب وہ اسے مستحکم اور نظام حکومت درست کرنے کی کوششیں کرنے لگے۔ گڈ گورننس کی خاطر وہ حکومت میں بیک وقت کئی اصلاحات عمل میں لائے جو انقلابی نوعیت کی تھیں۔ تب مملکت میں دو متوازی انتظامی نظام موجود تھے۔ ایک تو افسر شاہی یا بیوروکریسی اور دوسرا سرداری نظام۔ سردار عموماً فوجی ہوتے۔ انہیں اپنے عہدے کے مطابق کم یا زیادہ زمینیں دی جاتیں۔ بیوروکریسی میں قاضی، عامل (ریونیو افسر)، کوتوال، مکھیا اور پٹواری شامل تھے۔ ان سبھی کو حکومت سے اپنا کام انجام دینے پر تنخواہ ملتی۔

اس زمانے میں حکومتی ڈھانچے میں فوجی سردار سب سے زیادہ اہمیت رکھتے تھے۔ بادشاہ وقت انہیں زمینیں دیتے تاکہ وہ حکومت کے لیے ٹیکس اکٹھا کر سکیں اور اپنے اخراجات بھی نکال لیں۔ جنگ کے وقت یہ سردار اپنے علاقوں میں لشکر بھی تیار کرتے۔ ہوتا یہ تھا کہ اکثر فوجی سردار اپنی زمینوں پر حاکم بن بیٹھتے۔ پھر جو جنگجو اور ہوشیار ہوتا، وہ دیگر سرداروں کی زمینوں پر قبضہ کر کے طاقتور ہو جاتا۔ اکثر ایسے طاقتور سردار حکومت کے خلاف بغاوت کر دیتے۔ ان کی وجہ سے حکومت میں شورش رہتی اور امن و امان قائم نہ ہو پاتا جس سے معیشت کو نقصان پہنچتا۔ حکومت بھی مستحکم نہ ہو پاتی۔ شیر شاہ نے اقتدار سنبھال کر فوجی سرداروں کو زمینیں دینے کا نظام بحال رکھا کیونکہ اگر وہ اسے ختم کرتے تو ان کے خلاف کئی بغاوتیں ہو جاتیں۔ انہوں نے مگر سرداروں کی طاقت کمزور کرنے کی خاطر افسر شاہی میں اصلاحات متعارف کرائیں اور اسے پہلے کی نسبت زیادہ مضبوط و منضبط بنا دیا۔

ایک بڑا مسئلہ یہ تھا کہ سردار اور بیوروکریسی، دونوں نیم خودمختار ہو گئے تھے۔ بادشاہ وقت تو عموماً درباری سازشوں، رنگ رلیوں اور اپنے مشاغل میں منہمک رہتے۔ انہیں بس غرض یہ تھی کہ ٹیکسوں کی رقم موصول ہوتی رہے تاکہ حکومتی و شاہی اخراجات پورے ہو سکیں۔ انہیں یہ پروا نہیں تھی کہ سردار و بیوروکریسی کیونکر عوام الناس سے ٹیکس وصول کرتے ہیں۔ بادشاہوں کی عدم توجہ کے باعث ہی دونوں انتظامی ادارے کرپٹ ہو گئے۔ انہوں نے اپنی ذمے داریوں کو کمائی کا ذریعہ بنا لیا۔ وہ حکومتی آمدن میں سے بھی کچھ حصہ اپنے پاس رکھ کر بے ایمانی کرنے لگے۔ یہی نہیں، وہ مختلف طریقوں سے عوام پر ظلم و ستم کرتے تاکہ ٹیکسوں کی رقم میں اضافہ ہو سکے۔ اس روش نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی۔ شیر شاہ جاگیروں کا انتظام سنبھال چکے تھے۔ انہوں نے سرداری نظام اور بیوروکریسی کے کسانوں اور عوام پہ مظالم اپنی آنکھوں سے دیکھے تھے۔

حکومت کی تشکیل نو

سرداری نظام اور بیوروکریسی کی آمریت اور من مانی ختم کرنے کی خاطر شیر شاہ نے سب سے پہلا قدم یہ اٹھایا کہ بیشتر اختیارات اپنے ہاتھوں میں لے لیے۔ شیر شاہ اپنے مشیروں اور وزرا سے مشورے ضرور کرتے مگر وہ کوئی فیصلہ کرنے کے مجاز نہیں تھے۔ یہی وجہ ہے، شیر شاہ روزانہ سولہ گھنٹے کام کرتے تاکہ ہر شعبہ حکومت پر نظر رکھ سکیں۔

...شاہ کے سکے

مقصد یہی تھا کہ گڈ گورننس جنم لے اور عوام سکھ پا سکیں۔ انہوں نے حکومت چلانے کی خاطر صرف چھ محکمے تشکیل دیئے: (1) دیوان وزارت: جس کا سربراہ ”وزیر“ کہلاتا۔ یہ دراصل وزیر خزانہ تھا جو حکومت کی آمدن و اخراجات کا حساب کتاب رکھتا۔ صدر وزیر بھی تھا۔ (2) دیوان عرض: جس کا سربراہ ارض الملک تھا۔ یہ وزیر دفاع تھا جو فوج سے متعلق انتظامی امور مثلاً بھرتی، تنخواہیں، سپلائی وغیرہ کے معاملات دیکھتا۔ (3) دیوان رسالت: جس کا سربراہ وزیر خارجہ تھا۔ وہ غیر ملکی سفرا کا استقبال کرتا اور بیرونی حکومتوں سے خط و کتابت کرتا۔ (4) دیوان انشا: جس کا سربراہ ”دبیر خاص“ کہلاتا۔ یہ وزیر اندرون ملک جاری خط کتابت کا انتظام سنبھالتا۔ شاہی فرمان ہر جگہ بھجواتا نیز بیوروکریسی سے پیغامات وصول کرتا۔ (5) دیوان قضا: جس کا سربراہ قاضی القضا تھا۔ یہ قانونی معاملات دیکھتا اور سلطنت میں انصاف بحال رکھتا۔ (6) دیوان برید: جس کا سربراہ برید الملک کہلاتا۔ یہ محکمہ انٹیلی جنس تھا۔ حکومتی جاسوس اس کے ماتحت تھے جو سلطنت کے ہر اہم علاقے میں تعینات رہتے۔ ان سے خط کتابت کا انتظام بھی سنبھالتا۔ قبل ازیں بڑی ہندوستانی حکومتیں صوبے میں تقسیم ہوتی تھیں۔ شیر شاہ سوری نے ایک انقلابی کام یہ کیا کہ سلطنت کو زیادہ چھوٹے انتظامی علاقوں میں بانٹ دیا تاکہ انتظام حکومت سہل بنایا جا سکے۔ پہلا انتظامی یونٹ ”سرکار“ تھا جو آج کے ضلع جیسا ہے۔ ان کی کل تعداد 48 تھی۔

ہر سرکار میں ”پرگنہ“ ہوتے جنہیں تحصیل سمجھیے۔ ہر پرگنہ کئی ”موضع“ (ذیلی تحصیل) رکھتا۔ موضع پھر دیہات اور گاؤں پر مشتمل ہوتے۔ ایک پرگنے میں بیوروکریسی یہ تشکیل پائی: امن و امان قائم کرنے کا ذمے دار ”شقدار“ کو بنایا۔ گویا وہ دور جدید کا ضلعی پولیس افسر تھا۔ کسانوں، تاجروں اور دیگر شہریوں سے مختلف ٹیکس جمع کرنے کے نظام کا سربراہ ”امین“ تھا۔ مقدمات سننے اور سزائیں دینے کی ذمے داری ”منصف“ کو سونپی گئی۔ پرگنے میں سرکاری آمدن و خرچ کا حساب رکھنے والا ”خزانچی“ تھا جبکہ سرکاری خط کتابت کے لیے دو ”محرر“ تقرر کیے گئے۔ ایک فارسی اور دوسرا ہندی میں طاق ہوتا۔ ایک ”سرکار“ میں بیوروکریسی کے تین رہنما اہم تھے۔ شقدار شقداران، امین الامین اور منصف المنصفین۔ یہ تمام پرگنوں میں سرکاری ملازمین کے انچارج تھے۔ اس انتظامی تقسیم کی سب سے چھوٹی اکائی گاؤں میں مکھیا (مقدم)، پٹواری اور چوکی دار سرکاری نمائندے تھے۔ چوکی دار گاؤں کی رکھوالی کرتے۔ گاؤں میں پنچایت بھی نیم خودمختار تھی تاکہ لوگوں کی فلاح و بہبود انجام دے سکے۔ یہ پوری بیوروکریسی امن و امان قائم رکھنے اور ٹیکس جمع کرنے میں حکومت کی مدد کرتی۔ شیر شاہ نے پہلی مرتبہ یہ عمل متعارف کرایا کہ وہ ہر دو سال بعد سرکار اور پرگنے کے افسروں کا تبادلہ کر دیتے۔ یوں انہوں نے ہر قسم کی بے ایمانی کو پنپنے سے روک دیا۔

...کے عہد کی ایک سرائے

ذرائع آمدن

اس زمانے میں حکومت کی آمدن کے بنیادی ذرائع یہ تھے: زرعی ٹیکس، وقف جائیدادیں، تجارتی ٹیکس، نمک ٹیکس، لڑائیوں سے حاصل ہونے والا مال و زر، جزیہ اور ماتحت والیوں، وزراء، درباریوں، سفرا، تاجروں وغیرہ سے ملنے والے تحائف اور بنیادی اخراجات یہ تھے: فوج کی تنخواہیں، اسلحہ خریدنا، بیوروکریسی کی تنخواہیں اور شاہی محل کا خرچ۔ ماضی کی حکومتیں فوجی سرداروں اور درباریوں میں زمینیں بانٹ دیتی تھیں تاکہ وہاں وہ نظم و نسق بحال رکھیں اور زرعی ٹیکس بھی وصول کریں۔ انہی کو ”جاگیردار“ اور ”زمین دار“ کہا جانے لگا۔ رفتہ رفتہ مسئلہ یہ سامنے آیا کہ مکھیا اور پٹواری نے اکا کر لیا اور جاگیرداروں اور کسانوں، دونوں کو لوٹنے لگے۔

مکھیا و پٹواری کا طریق واردات یہ تھا کہ وہ جاگیردار کو بے خبر رکھتے کہ اس کی زمینیں کتنی ہیں، ان سے کتنی پیداوار ملتی اور کتنا ٹیکس کتنا ہے۔ یہ باتیں جاگیردار سے چھپائی جاتیں۔ چونکہ جاگیرداروں کو اپنے آرام و آسائش اور اپنی آمدن سے غرض تھی، تقریباً سبھی حساب کتاب کے چکر میں نہ پڑتے اور زمینوں کا انتظام مکھیاؤں اور پٹواریوں کے سپرد کر دیتے۔ یہ مکھیا و پٹواری کسانوں پر طرح طرح کے ٹیکس لگا کر ان سے 70 تا 75 فیصد پیداوار یا اس کے مترادف رقم حاصل کر لیتے۔ مگر جاگیردار کو یہی بتاتے کہ 50 فیصد پیداوار ہوتی ہے۔ بقیہ پیداوار یا آمدن وہ خود چٹ کر جاتے۔ جاگیردار تو اپنا اور حکومت کا حصہ مل جانے پر مطمئن رہتا، اُدھر بیچارے کسان نت نئے ٹیکسوں کے باعث ادھ موئے ہو جاتے۔ وہ سارا سال محنت کرتے مگر بدلے میں انہیں چند نوالے ہی ملتے تاکہ جسم و جاں کا رشتہ برقرار رہ سکے۔

زرعی ٹیکسوں کا نیا نظام

شیر شاہ سوری اپنی جاگیروں کا نظام سنبھالتے ہوئے کسانوں کی حالت زار دیکھ چکے تھے۔ وہ جانتے تھے کہ ظالم بیوروکریسی ان کا استحصال کرتی ہے۔ اسی لیے اپنی سلطنت میں زرعی ٹیکسوں کا نیا نظام نافذ کیا جو ”رعیت داری“ کہلایا۔ اس نظام کے ذریعے ریاست اور کاشتکاروں کا براہ راست رابطہ قائم ہوا اور درمیان سے مکھیا، پٹواری وغیرہ کا تعلق بہت کم رہ گیا۔ رعیت داری کے تحت زرعی رقبہ دو بنیادی حصوں میں بانٹ دیا گیا: اول وہ جہاں فصل اچھی ہوتی۔ دوم وہ زرعی رقبہ جو بارانی تھا اور جہاں فصلیں کسی وجہ سے اچھی نہیں ہوتیں۔ جس علاقے میں فصلیں اچھی ہوتی تھیں، وہاں کے کسان اپنی پیداوار کا تیسرا حصہ (33.33 فیصد) حکومت کو بطور ٹیکس دینے لگے۔ جس علاقے میں فصل اچھی نہ ہوتی، وہاں کے کسانوں سے پیداوار کا چوتھا حصہ (25 فیصد) بطور ٹیکس لیا جاتا۔ حکومت نے ”جریبانہ“ اور ”محصلانہ“ کے نام سے دو نئے زرعی ٹیکس متعارف کرائے۔

یہ بالترتیب کل پیداوار کا ڈھائی فیصد اور پانچ فیصد تھے اور بیوروکریسی کی تنخواہوں کے سلسلے میں لیے جاتے۔ تیسرا کام یہ کیا گیا کہ ہر کسان کو ایک سرکاری دستاویز دی گئی جس پر درج تھا کہ اس کی کتنی زمین ہے، کیسی ہے اور اسے کتنا زرعی ٹیکس دینا ہے۔ یہ دستاویز ”پٹہ“ کے نام سے مشہور ہوئی۔ ایک اور دستاویز بھی بنائی گئی۔

اس پر درج ہوتا کہ حکومت نے اتنی زمین کسان کو دی ہے اور یہ کہ وہ سبھی زرعی ٹیکس ادا کرے گا۔ یہ دستاویز ”قبولیت“ کہلائی۔ کاشتکاروں کی سہولت کے لیے چوتھا اقدام یہ ہوا کہ وہ زرعی ٹیکس پیداوار (جنس) یا نقد کی صورت ادا کر سکتے تھے۔ نیز انہیں یہ سہولت دی گئی کہ دو اقساط میں ٹیکس ادا کریں۔ سلطنت کے تمام کاشتکاروں نے نئے زرعی ٹیکس نظام کا خیر مقدم کیا۔ ”پٹہ“ اور ”قبولیت“ کی دستاویز سے مکھیا و پٹواری ٹولے کے لیے ممکن نہیں رہا کہ وہ اپنی طرف سے ٹیکس عائد کر کے کسانوں کو لوٹ سکیں جبکہ دیگر سہولیات سے بھی کاشتکاروں کو فائدہ پہنچا۔ سب سے بڑھ کر اب نصف سے زائد پیداوار ان کی ملکیت ہو گئی۔ پہلے استحصالی زرعی ٹیکس نظام کے باعث وہ اپنی 75 فیصد پیداوار سے محروم ہو جاتے تھے۔

مشہور ہندو مورخ، ڈاکٹر کالیکارانجن قانون گو (متوفی 1972ء) نے شیر شاہ سوری کی حیات و خدمات پر ایک کتاب لکھی ہے۔ وہ لکھتا ہے: ”اگر شیر شاہ سوری مزید پانچ سال حکمران رہتے تو ہندوستان سے جاگیرداری نظام مٹ جاتا۔ تب پورے ہندوستان میں چپے چپے پر کھیت و باغ دکھائی دیتے جن کی دیکھ بھال بڑے جوش و ولولے سے کسان اور باغبان کرتے۔“ شیر شاہ زراعت کو قومی معاشی نظام کی بنیاد سمجھتے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ کسان ہی ملک کی خوشحالی کا سرچشمہ ہیں۔ لہٰذا وہ خوشحال ہوں گے تو زرعی پیداوار بھی زیادہ ہو گی۔ (ان کا خود کہنا تھا ”افسوس، مجھے حکومت تب ملی جب مجھ پہ بڑھاپا طاری ہو چکا۔“)

تجارت

پہلے تاجروں پر مختلف اقسام کے ٹیکس عائد تھے۔ شیر شاہ نے دو نئے ٹیکس متعارف کرائے اور بقیہ ختم کر دیئے۔ ایک ٹیکس اس وقت لیا جاتا جب تاجر مال لے کر سلطنت میں داخل ہوتا اور دوسرا ٹیکس اس وقت جب تاجر منزل پر پہنچ کر اپنا مال فروخت کرتا۔ ٹیکسوں کے خاتمے سے سلطنت میں صنعت و تجارت نے فروغ پایا۔ پڑوسی علاقوں سے کثیر تعداد میں تاجر سلطنت آئے اور اپنا مال سستے داموں فروخت کرنے لگے۔ یوں شہریوں کو عمدہ اشیا سستی ملنے لگیں اور مہنگائی ختم ہوئی۔ سرکاری ملازم بازار کے بھاؤ ہی سے اشیا خریدتے، انہیں کوئی رعایت حاصل نہ تھی۔

باؤلی

عدل و انصاف

شیر شاہ کا قول تھا کہ عدل اعلیٰ ترین اصول ہے۔ اسی لیے وہ روزانہ معین وقت پر مصیبت زدہ لوگوں کی فریاد سنتے اور موقع پر انصاف کرتے۔ ہر سرکار اور پرگنہ میں قاضی، شقدار اور منصف بھی فریادیوں کی داد رسی کے لیے تیار رہتے۔ بادشاہ کو کرپشن سے سخت نفرت تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ دوسرے حکمرانوں کے وزیر مشیر بے ایمان تھے، اسی لیے وہ کمزور ہو گئے اور میں انہیں شکست دے سکا۔ ہر حکمران کا فرض ہے کہ وہ اطمینان کر لے، اس کے وزیر کرپٹ نہیں۔ رشوت لینے والے افسر اس قابل نہیں کہ بادشاہ کی ملازمت میں رہیں۔ وہ کہتا ”مجھے رشوت لینے والے شخص سے نفرت ہے۔ ایسا شخص کبھی ملک و قوم اور اپنے آقا کا وفادار نہیں ہو سکتا بلکہ اس سے انہیں نقصان پہنچتا ہے۔“ شیر شاہ عدل و انصاف کرتے ہوئے عزیز و اقارب حتیٰ کہ بیٹوں کا بھی خیال نہ کرتے۔ اگر جرم ثابت ہو جاتا تو ان کے ساتھ بھی مجرموں کی طرح سلوک ہوتا۔ بادشاہ ظالم کو موقع پر ہی کڑی سزا دیتے اور یوں مظلوم تک فوری انصاف پہنچاتے۔

شاہراہیں اور سرائیں

شیر شاہ سوری کا ایک عظیم کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے پوری سلطنت میں نئی شاہراہیں تعمیر کرائیں نیز پرانی شاہراہوں کو ازسرنو بنوایا۔ ان کی بنائی چار بڑی شاہراہیں یہ ہیں: (1) سونار گاؤں (نزد ڈھاکہ) تا پشاور بذریعہ آگرہ، دہلی اور لاہور) (2) آگرہ تا قلعہ چتوڑ (3) آگرہ تا برہان پور اور (4) لاہور تا ملتان۔ بادشاہ نے تمام شاہراہوں پر ہر دو کوس (چار میل) بعد سرائیں تعمیر کرائیں۔ مقصد یہ تھا کہ مسافروں کو دوران سفر قیام و طعام کی کوئی پریشانی نہ ہو۔ ان سراؤں میں مسلمان اور ہندو مسافروں کے لیے الگ بندوبست تھا۔ انہیں کھانا مفت ملتا۔ سراؤں کا خرچ وقف زمینوں کی آمدن سے پورا ہوتا۔

مورخین لکھتے ہیں کہ شیر شاہ سوری نے ایسی سترہ سو سرائیں تعمیر کرائیں۔ شاہراہوں پر اہم مقامات پہ ”کوس مینار“ بنائے گئے جو دوران سفر مسافروں کو راستہ بتاتے۔ نیز کنوئیں یا باؤلیاں بنائی گئیں جہاں مسافر اپنی پیاس بجھا لیتے۔ شاہراہوں کے کناروں پر ہزارہا درخت لگائے گئے تاکہ مسافر ان کے نیچے بیٹھ کر سستا سکیں۔ غرض شیر شاہ نے ان تعمیرات کے ذریعے اپنے عوام کی آرام و سہولت کا ہر ممکن خیال رکھا۔ شاہراہوں اور سراؤں کی تعمیر سے سلطنت کو بھی گوناگوں فوائد حاصل ہوئے۔ ملکی دفاع پہلے سے زیادہ مضبوط ہو گیا۔ شیر شاہ سوری کو سلطنت کے کونے کونے سے خبریں جلد ملنے لگیں۔ تجارت کو فروغ حاصل ہوا۔

ان شاہراہوں کی حفاظت کا بھی بہترین بندوبست تھا۔ شقدار کو حکم تھا کہ اگر کسی علاقے میں ڈاکو، چور یا قاتل کا سراغ نہ ملے تو وہاں کے مکھیا کو گرفتار کر لو۔ مکھیا مجرم کو گرفتار کرا دیتا، تو اسے انعام ملتا۔ گرفتار نہ کرا پاتا تو مجرم کو دی جانے والی سزا اسے ملتی جو سزائے موت بھی ہو سکتی تھی۔ شیر شاہ کا کہنا تھا کہ ایک گاؤں میں ہر مجرم کا پتا مکھیا کے تعاون سے مل سکتا ہے۔ ایک بار تفتیش کے باوجود قاتل کا سراغ نہیں ملا۔ شیر شاہ نے اپنے ایک سپاہی کو حکم دیا کہ وہ موقع واردات پر پہنچ کر درخت کاٹنے لگے۔ مکھیا کو خبر ملی تو وہ درخت کی کٹائی رکوانے آ پہنچا۔ شاہ کے حکم کی روشنی میں فوراً اسے گرفتار کر کے کہا گیا کہ تمہیں درخت کی کٹائی کا تو فوراً علم ہو گیا مگر یہ نہیں جانتے کہ قاتل کہاں ہے۔ فوراً اس کا پتا بتاؤ ورنہ تمہاری گردن اڑا دی جائے گی۔ مکھیا نے دو دن بعد ہی قاتل کا سراغ لگا لیا جسے قتل کر دیا گیا۔

محکمہ انٹیلی جنس

شیر شاہ سوری نے حکومت مستحکم کرنے اور ہر واقعے سے باخبر رہنے کے لیے جاسوسی کا بہترین نظام قائم کیا۔ تمام شہروں اور قصبات میں جاسوس مقرر کیے۔ یہ جاسوس وزیروں، مشیروں اور بیوروکریسی کے تمام افسروں پر نظر رکھتے۔ ہر جاسوس روزانہ اپنی رپورٹ براہ راست شیر شاہ کو ارسال کرتا۔ یوں بادشاہ باخبر رہتے کہ ہر وزیر مشیر کیا کر رہا ہے اور عوام الناس کس حال میں ہیں۔ وہ غافل اور کرپٹ وزیر کو برطرف کرنے میں دیر نہ لگاتے۔ شاہراہوں پر ہر سرائے میں دو گھوڑے ہر وقت تیار رہتے۔ مقصد یہ کہ جو ہرکارے جاسوسی کی رپورٹیں لیے جا رہے ہیں، وہ تازہ دم گھوڑوں پر سوار ہو کر جلد دربار پہنچ سکیں۔ یہ جاسوس علاقے میں ہونے والے جرائم کی تفتیش میں شقداروں کی مدد کرتے۔ سلطنت میں پولیس نہیں تھی۔ شقدار ہی دیگر حکومتی عملے کے تعاون سے امن و امان قائم کرنے کا ذمے دار تھا۔ اگر وہ کوئی کوتاہی برتتا تو اسے سخت سزا ملتی۔

روزنامہ وطن سرینگر

ہند۔پاک تعلقات

کیا اب جمود ٹوٹے گا؟

انڈیا اور پاکستان کے وزرائے خارجہ آئندہ ہفتے نیو یارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے دوران ملاقات کریں گے۔ وزارتی سطح پر دونوں ملکوں کے درمیان 2015 کے بعد یہ پہلی ملاقات ہوگی اور انڈیا کے مطابق اس میں کرتار پور صاحب گرودوارے تک سکھ عقیدت مندوں کو رسائی فراہم کرنے کی تجویز پر بھی بات کی جائے گی۔ اقوام متحدہ میں دونوں ملکوں کے مستقل نمائندے اس ملاقات کی تاریخ اور وقت طے کریں گے۔ اس سے پہلے پاکستان کے وزیر اعظم عمران خان نے وزیر اعظم نریندر مودی کو لکھے گئے ایک خط میں دونوں ملکوں کے درمیان منقطع مذاکرات دوبارہ شروع کرنے کی بات کی تھی۔ پاکستان کے دفتر خارجہ کے ترجمان نے سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ایک بیان میں تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعظم عمران خان نے انڈین وزیر اعظم نریندر مودی کا مثبت انداز میں جواب دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ پیغام میں مذاکرات کے ذریعے ایشوز کے حل کی بات کی گئی ہے۔ یہ اس خط کے جواب میں لکھا گیا ہے جس میں نریندر مودی نے عمران خان کو مبارکباد دی تھی۔ بہر حال باتوں باتوں میں دونوں ممالک کے عوام کیلئے ایک خوشگوار تبدیلی دیکھنے کو مل رہی ہے۔ ایک طرف پاکستانی وزیر اعظم بڑی تیزی کے ساتھ بھارت کی طرف ہاتھ بڑھا رہے ہیں تو دوسری طرف بھارت نے بھی روایت کے برعکس بہت جلدی ہی پاکستانی سربراہ کی پیش کش کا مثبت جواب دیا ہے۔ دیکھنا یہ ہے کہ اس خوشگوار تبدیلی کو دونوں ممالک کی قیادت کہاں تک لے جاسکے گی۔ یوں تو بھارت اور پاکستان کے رشتوں کی تاریخ بہت ہی نشیب و فراز سے بھری پڑی ہے۔ ایک طرف بھارت کے وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی لاہور میں ایک تاریخی اعلان کرتے ہیں کہ دوست بدلے جاسکتے ہیں مگر پڑوسی نہیں لہٰذا ہمیں اچھے پڑوسی بن کر ہی رہنا سیکھنا پڑے گا۔ اسکے بعد کرگل جنگ ہو جاتی ہے اور رشتے ایک دم نفرت و عداوت اور بغض و حسد میں بدل جاتے ہیں۔ اسی طرح دونوں ممالک میں دوستی اور دشمنی کا کبھی کوئی بھروسہ نہیں رہتا ہے۔ الغرض دونوں ممالک کے عوام کی یہ دلی خواہش ہے کہ حکومتی سطح پر دونوں پڑوسی ممالک نزدیک آئیں اور دونوں طرف امن و امان کی بہار دیکھنے کو ملے۔ نیو یارک میں وزرا خارجہ کی متوقع میٹنگ سے اگرچہ زیادہ نتائج اخذ کرنا جلد بازی ہوگی تاہم اسے ایک نیک اور خوش آئند شروعات قرار دیا جاسکتا ہے جسے آگے لے جانے کی ضرورت ہے۔

خودی کی ہر سطح

اپنے ماحول سے مزاحمت کی حالت میں ہے!

ادریس آزاد

اقبال کے نظام فکر میں خدا، انسان اور کائنات کا ربط و تعلق ''مذہبی واردات'' کا مرہون منت ہے۔ کیونکہ شاعرانہ واردات قابل اعتماد نہیں اور ''فلسفہ نام نہیں کسی مسئلے کا حل دینے کا''۔ فلسفہ کا مطمع نظر جیسا کہ اقبال نے بھی بتایا فقط سوال اٹھانا ہے۔ فلہٰذا یہ مذہب ہی ہے جو خدا، انسان اور کائنات کے درمیان تعلق کی قابل فہم وضاحت کرتا ہے اور یہ قابل فہم وضاحت یہ ہے کہ مذہب کسی بھی شاہد کو حقیقت کے براہ راست مشاہدہ کا راستہ دکھاتا اور حقیقت کے ساتھ من حیث الکل بغلگیر ہونے کا یقین دلاتا ہے۔

اقبال رومی کا مرید ہے اور رومی تو کہتا ہے

مچنیں اقلیم تا اقلیم رفت

یہ گویا کائنات میں انسان کی مستقل موجودگی کا مفروضہ ہے جو اگرچہ عین حقیقت بھی ہے لیکن اقبال کے ہاں یہ ایک باقاعدہ پروگرام کے تحت وارد ہوتا ہے۔ جیسے ڈارون کا ارتقا قنوطی نتائج پر منتج ہوا مگر صرف مغربی مفکرین کے لیے۔ آئن سٹائن کے انکشافات قنوطی نتائج پر منتج ہوئے تو صرف مغربی مفکرین کے لیے۔ ڈارون کے سروائیول آف دی فٹسٹ کے جنون میں ساڑھے سات کروڑ انسانوں کی جانیں نذر آتش ہوئیں اور آئن سٹائن کے ''کائنات میں کوئی شے مطلق نہیں'' نے انسان کو انفرادی سطح پر بالکل تنہا کر دیا۔

لیکن اگر فکر میں ''مچنیں اقلیم تا اقلیم رفت'' کی تاثیر موجود ہو تو انہی نظریات یعنی ڈارون کے ارتقا اور آئن سٹائن کے ''کچھ مطلق نہیں'' سے رجائیت پسند نتائج برآمد کیے جاسکتے ہیں۔ ''میں کائنات کے ہر مرحلے میں موجود تھا، چنانچہ میں کائنات کے ہر مرحلے میں موجود رہونگا'' یہ ہے رومی بایں ہمہ اقبالی نظریہ ارتقا اور اس کا نتیجہ۔

اسی طرح ''کچھ مطلق نہیں'' تو گویا ہر ہر فرد اپنی جگہ مسلم حقیقت اور اہمیت کا حامل ہے۔ ایک ذرہ بھی اپنے زمان و مکاں کے اعتبار سے اتنا اہم ہے کہ اس کے جیسا کوئی دوسرا ذرہ کائنات میں وجود نہیں رکھتا۔ اقبال کے بقول،

یہ کائنات چھپاتی نہیں ضمیر اپنا

کہ ذرے ذرے میں ہے ذوق آشکارائی

اور یہی وہ اقبالی نگاہ ہے جو مطلقیت کے خاتمے میں بھی مثبت پہلو دیکھتی ہے۔ اقبال کے نزدیک انسان کا کائنات کے ساتھ بلاشبہ ایسا ہی رشتہ ہے کہ انسان اسی کون و مکاں کا حصہ ہے لیکن اس کی انسانیت کا وجود قائم رہ سکتا ہے تو ان شرائط پر کہ وہ فطرت کو اپنا دشمن تصور کرتا رہے اور اس مزاحمت کے لیے ہمہ وقت اپنے اندر نئی توانائیوں کی تلاش جاری رکھے۔ اقبال کے نزدیک، اور جیسا کہ شعر اقبال کے مصنف ڈاکٹر سید عابد علی نے بھی لکھا.........خودی کی ہر سطح اپنے ماحول سے مزاحمت کی حالت میں ہے نہ کہ مفاہمت کی۔ مفاہمت اقبال کے نزدیک خودی کی موت ہے۔ یہاں تک کہ اقبال کے نزدیک وہی انسان اکمل ہے جو صرف کائنات ہی نہیں بلکہ خدا کے سامنے ٹھہر سکنے کی اہلیت کا حامل بھی ہو۔ اسی مضمون میں اقبال خواجہ عبدالقدوس گنگوہی کا قول درج کرتے ہیں،



محمد عربی برفلک الافلاک رفت و باز آمد

واللہ اگر من رفتمے ہرگز باز نیامدے

محمد عربی فلک الافلاک پر گئے اور واپس آگئے، واللہ اگر میں گیا ہوتا تو کبھی واپس نہ آتا۔

اقبال وضاحت کرتے ہیں کہ عجمی تصوف کی رو سے لامتناہی خودی کے سامنے متناہی خودی کا استقرار ممکن نہیں۔ قدیم ہندو وحدت الوجود سے لے کر شیخ اکبر ابن عربی کے وحدت الوجود تک کہیں بھی یہ تسلیم نہیں کیا گیا کہ انائے متناہی، انائے لامتناہی کے مقابل دو لمحے بھی ٹھہر پائے گی۔ لیکن اقبال خودی کی زندگی کا مقصد ہی یہی استقرار بتاتے ہیں۔ اقبال کے بقول انائے متناہی اگر انسانی خودی کی صفات سے متصف ہو اور پھر وہ انسانی خودی استحکام حاصل کر چکی ہو تو متناہی انا اس طرح لامتناہی انا کے مقابل ٹھہر پائے گی جیسے دوپہر کے سورج میں چراغ کی لو زندہ رہتی ہے، حالانکہ اس کی تمام تر روشنی سورج کی روشنی میں ضم ہو چکی ہوتی ہے۔

اقبال نے اسی مضمون کی وضاحت میں ایک صوفی کا یہ شعر بھی درج کیا ہے۔

موسیٰ زہوش رفت بیک جلوہ صفات

تو عین ذات می نگری در تبسمی

موسیٰ کے ہوش تو صفات کے ایک جلوے سے جاتے رہے تھے اور تو (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) عین ذات کو دیکھتا رہا اور مسکراتا رہا۔

یعنی اقبال کے ہاں انسانی ذات کی اہمیت کائنات کی ہر شے سے بڑھ کر ہے، کیونکہ یہ فقط انسانی خودی ہی ہے جو صاحب لولاک ہونے کا شرف حاصل کر سکتی ہے۔ باقی تمام انائیں بے بصر ہیں۔ انسانی خودی بصیر ہے۔ باقی تمام انائیں مشیت ایزدی کی پابند ہیں، انسانی خودی کا خمیر عناصر اربعہ سے نہیں اٹھایا گیا۔ یہ خدا ہی کی طرح ایک ہے اور اس کا کوئی ہمسر نہیں۔ یہ نہ کسی کی اولاد ہے اور نہ ہی اس کی اولاد پیدا ہو سکتی ہے۔ خودی ایک حی و قیوم قوت ہے اور اس کی بیداری سے مراد فقط کسی انائے بے بصر (یعنی انسانی جسم) میں اس کی موجودگی سے آگہی ہے۔ موجودگی کی خبر ملتے ہی یہ اپنا اظہار خود کرنے لگتی ہے اور جستجو (عشق) اس کے زندہ رہنے کے لیے غذا کے مصداق ہے۔ ایک بیدار خودی اپنی قوت عشق سے ہر پست کو بالا کر سکتی ہے یعنی پوری کائنات اس کے سامنے دست بستہ ہو جاتی ہے تاکہ وہ جس بھی انائے بے بصر کو چاہے اپنی تصرف میں لاسکے۔

عشق را از تیغ و خنجر باک نیست

اصل عشق از آب و باد و خاک نیست

غرض اقبال کے نزدیک انسان کا کائنات سے مالک و مملوک کا رشتہ ہے اور انسان جب چاہے کائنات کے سینے کو چیر کر اس سے باہر نکل سکتا ہے۔ بایں ہمہ خدا کو وہی انسان پسند ہے جو ان حدود کو پامال کرے اور اس تک پہنچنے کے لیے اپنے اندر اتنی زیادہ توانائی پیدا کرلے کہ نہ صرف خود بلکہ تمام جمعیت انسانی کو فطرت کے اس میدان کارزار سے نکال کرلے جائے۔

اقبال کے نزدیک خدا نے خود یہ سلسلہ قائم کیا ہے اور خدا چاہتا ہے کہ انسان قوت پروردگار بن کر ظاہر ہو۔ انسان زمین پر خدا کا نائب ہے تو اس سے مراد یہی ہے کہ وہ خدا والے کام سرانجام دے۔ جیسا کہ اقبال کے ہی بقول،

بے ذوق نہیں اگرچہ فطرت

جو اس سے نہ ہو سکا وہ تو کر

خدا والے کاموں میں ایک کام ''قوت'' کا اظہار بھی ہے۔ یہی وہ رجائیت ہے جو اقبال کے ارتقا میں ہمیں ملتی ہے۔ اسی فکر کی بنا پر اقبال فرد کی ہی نہیں بلکہ قوم کی اجتماعی طاقت کو مقصد معاشرت قرار دیتے اور جماعت کے ہاتھوں تسخیر کائنات کے عمل کو انسانی معاشرے کا آخری مطمع نظر کہتے ہیں۔

کلدیپ نیئر

ایک انسان دوست جنہیں اپنی اردو والی پہچان پر اصرار تھا

کلدیپ نیئر نے اپنے کاموں سے ایک پوری نسل کی ذہن سازی کا کام کیا۔ نو واردان صحافت میں ان کی خاص دلچسپی تھی۔ اس کا ندازہ ذاتی طور پر مجھے علیگڑھ مسلم یونیورسیٹی میں اپنی طالب علمی کے زمانے میں ہوا۔

جو لوگ اردو میں لکھتے پڑھتے ہیں ان کے دلوں میں کلدیپ نیئر کا ایک خاص مقام تھا۔ مذہبی رواداری اور انسان دوستی کا ان جیسا علم بردار اب مشکل سے ہی نظر آتا ہے۔ ایک خلا ہے جو دور دور تک پر ہوتا ہوا نظر نہیں آتا۔ کلدیپ نیئر خود بھی اردو اور اس زبان کے بولنے والوں کو بہت عزیز رکھتے تھے۔ گو کہ اردو اخبار انجام میں جہاں سے انہوں نے اپنے صحافتی کیریئر کا آغاز کیا تھا ان کا قیام بہت ہی قلیل مدت کے لئے تھا مگر وہ زندگی بھر اس بات کا اظہار کرتے رہے کہ انہوں نے اپنے صحافتی کیریئر کا آغاز ایک اردو اخبار سے کیا تھا۔

وہ بہت کم وقت میں بہت اونچے مقام تک پہنچ گئے۔ انگریزی کے دو معتبر روزناموں سٹیٹسمین اور انڈین ایکسپریس میں اہم ذمہ داریاں نبھائیں اور ہندوستان میں دو میں سے ایک نیوز ایجنسی یو این آئی کے سربراہ رہے۔ اس کے علاوہ پچیس سالوں تک دی ٹائمز لندن کے نامہ نگار رہے۔ انھیں اپنی اردو والی پہچان کو ڈھونے کی ایسی کوئی ضرورت نہیں تھی اس کے باوجود وہ زندگی بھر اس پر اصرار کرتے رہے۔ یہی وجہ ہے کہ اخبارات میں ان پر چھپے تمام مضامین میں یہ ذکر موجود ہے کہ انہوں نے اپنی صحافت کا آغاز ایک اردو اخبار سے کیا تھا۔ وہ سیالکوٹ میں پیدا ہوئے تھے اور اس بات پر بھی فخر کرتے تھے کہ وہ اس جگہ کے رہنے والے ہیں جس نے اردو کے دو بڑے شاعروں علامہ اقبال اور فیض احمد فیض کو پیدا کیا۔

اردو سے ان کے لگاؤ کا ایک اور ثبوت ان کا ہفتہ وار سنڈیکیٹڈ کالم 'بٹوین دی لائنز' تھا جو وہ انیس سو چھیاسی سے مسلسل لکھ رہے تھے۔ انگریزی میں لکھا ہوا ان کا یہ کالم ہندوستان کی تمام اہم زبانوں کے تقریباً اسی اخبارات میں چھپا کرتا تھا جن میں اردو کے اخبارات بھی شامل تھے۔ مگر اردو اخبارات کو یہ امتیاز حاصل تھا کہ انھیں ان کا کالم اردو میں ہی ملتا تھا کیونکہ اس کا اردو ترجمہ وہ اپنی نگرانی میں کرواتے تھے۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ کلدیپ نیئر ہندوستان کے واحد سنڈیکیٹڈ کالم نویس تھے جو ہندوستان کی ہر زبان میں پڑھے جاتے تھے۔ یوروپ اور امریکا میں بہت سارے معروف صحافیوں نے اپنے نام سے سنڈیکیٹڈ کالم جاری کر رکھا ہے۔ ہندوستان میں اس کی روایت کلدیپ نیئر نے شروع کی اور کامیاب رہے۔ یہ حقیقت غور طلب ہے کہ ہمارے یہاں تقریباً تمام معروف صحافی اپنے نام سے کالم لکھتے ہیں جو کسی مخصوص اخبار یا رسالے میں شائع ہو کر رہ جاتا جبکہ کلدیپ نیئر کا کالم نہ صرف ہندوستان کے مختلف علاقائی اور لسانی اخبارات میں چھپتا تھا بلکہ پاکستان، بنگلہ دیش اور خلیجی ممالک کے اخبارات کی زینت بھی بنتا تھا۔ خشونت سنگھ ملک کے دوسرے مقبول ترین کالم نویس تھے۔ ان کے قارئین ان کے قلم کی چاشنی کے اسیر تھے اور ان کے کالم کا انتظار کیا کرتے تھے۔ اس کے باوجود انہوں نے اپنے نام سے سنڈیکیٹ شروع نہیں کیا اور اپنے آپ کو ہندوستان ٹائمز اور انگریزی زبان تک محدود رکھا جبکہ وہ اردو اور فارسی کے اسکالر بھی تھے۔

کلدیپ نیئر کی پہچان ایک سیاسی مبصر کی تھی۔ اپنی تحریروں کے ذریعہ انہوں نے اپنے وقت کے تمام اہم مسائل پر نہ صرف لکھا بلکہ کہیں زیادتی ہوتے دیکھی تو عملاً اس کے خلاف کھڑے بھی ہوئے۔ ان کی تحریروں میں جدید ہندوستان کی ایک پوری تاریخ نظر آتی ہے۔ جواہر لال نہرو سے لے کر نریندر مودی تک تمام وزیر اعظم کے کاموں کا انہوں نے تجزیہ کیا اور آزادانہ طور پر ان سے اتفاق و اختلاف کیا۔ ایک وزیر اعظم نے انھیں جیل بھیجا تو دوسرے نے انہیں ملک کا ہائی کمشنر بنا کر لندن میں تعینات کیا۔ مگر ان کے اوپر نہ سزا کا اثر ہوا نہ جزا کا۔ وہ ہمیشہ ایک آزاد صحافی کے طور پر جئے جو صرف اپنے ضمیر کی آواز سنتا ہے۔ صدر جمہوریہ نے انھیں ایک بار راجیہ سبھا کے لئے بھی نامزد کیا جہاں پوری مستعدی کے ساتھ انہوں نے چھ سالوں تک کام کیا۔

وہ اظہار رآزادی کی آزادی کے زبردست حامی تھے۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت وقت کی طرف سے جب بھی پریس کی آزادی سلب کرنے کی کوشش ہوئی وہ اس کے خلاف میدان میں کود پڑے۔ ایمرجنسی کے دوران وہ اس وجہ سے جیل گئے مگر اپنی روش نہیں بدلی۔ انیس سو بیاسی میں جب اندرا گاندھی کے اشارے پر 'بہار پریس بل' لا کر پریس کی آزادی پر دوبارہ حملے کی کوشش ہوئی تو اس کے خلاف کھڑے ہونے والوں میں کلدیپ نیئر پیش پیش تھے۔ اسی طرح دو سال قبل جب این ڈی ٹی وی پر موجودہ سرکار نے پابندی لگانے کی کوشش تو اس وقت بھی دہلی پریس کلب میں جو احتجاج ہوا اس میں کلدیپ نیئر ضعیف العمری کے باوجود موجود رہے۔

کلدیپ نیئر حقوق انسانی کے زبردست علم بردار تھے۔ وہ اس سلسلے میں قائم کی گئی پہلی تنظیم پی یو سی ایل یعنی پیوپلس یونین فار سول لبرٹیز کے اولین سپاہیوں میں سے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ انسانی حقوق کی پامالی اور سماجی نابرابری کے خلاف مہم چلانے والوں کے ساتھ برابر کھڑے نظر آئے۔ اس کام کے لئے وہ مسلسل سفر کرتے رہتے تھے۔

ہندوستان اور پاکستان کے بیچ نفرت کی جو دیواریں آج نظر آرہی ہیں وہ ان کے زمانے میں بھی تھیں بلکہ اس کی پہلی اینٹ ان کی ابتدائی زندگی میں رکھی گئی اور وہ ذاتی طور پر اس سے متاثر بھی ہوئے۔ انھیں اپنے آبائی وطن سے ہجرت کرنا پڑا جس کی کسک وہ پوری زندگی محسوس کرتے رہے مگر انہوں نے اس کا منفی اثر قبول نہیں کیا۔ پوری زندگی دونوں ملکوں کو قریب لانے کی کوشش کرتے رہے۔ ہر سال چودہ اگست کو واگہ کی ہند-پاک سرحد پر جا کر کینڈل مارچ کرتے رہے۔

ہندوستان اور پاکستان کے تعلقات ہوں یا ہندوؤں اور مسلمانوں کے باہمی رشتے ان کے قلم نے کبھی معروضیت کا دامن نہیں چھوڑا۔ وہ زندگی بھر اپنی تحریروں کے ذریعہ، اور اپنی سماجی سرگرمیوں کے ذریعہ بھی، امن کے پیامبر بنے رہے اور ایسی طاقتوں کے خلاف کھڑے نظر آئے جو نفرتوں کو ہوا دیتے ہیں۔ ان کی ان کوششوں کا موازنہ آج کے بہت سارے سینئر صحافیوں اور تجزیہ نگاروں سے کیا جائے تو سب کے سب مضحکہ خیز معلوم ہوتے ہیں۔ خاص طور پر جب وہ پاکستان پر بات کرتے ہیں تو جیسے ان پر جنونی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔

کلدیپ نیئر نے اپنے کاموں سے ایک پوری نسل کی ذہن سازی کا کام کیا۔ نو واردان صحافت میں ان کی خاص دلچسپی تھی۔ اس کا ندازہ ذاتی طور پر مجھے علیگڑھ مسلم یونیورسیٹی میں اپنی طالب علمی کے زمانے میں ہوا۔ ایک سال وہ سٹوڈنٹس یونین کی دعوت پر وہاں آئے تو اس خواہش کے ساتھ آئے کہ ان کی ملاقات جرنلزم کے طالب علموں سے کرائی جائے۔ ہمارے لئے یہ ایک بڑا اعزاز تھا چنانچہ پوری کلاس شہناز ہاشمی صاحبہ جو کہ ہمیں انگلش جرنلزم پڑھاتی تھیں کے ساتھ یونیورسیٹی گیسٹ ہاؤس ان سے ملنے گئی اور تقریباً پورا دن ان کے ساتھ گزارہ۔ اس وقت انہوں نے ایک نصیحت کی جو کم از کم میرے لئے مشعل راہ ثابت ہوئی۔ یہ نصیحت ایک صحافی کے کردار سے متعلق تھی۔ انہوں نے کہا کہ پڑھنے والا ایک صحافی کو صرف اس کی تحریر کے حوالے سے جانتا ہے۔ اس لئے جو کچھ بھی تمہارے نام سے چھپے وہ قابل اعتنا ہو ورنہ لوگ تم پر اعتبار کرنا چھوڑ دیں گے۔

آج کے تناظر میں کلدیپ نیئر کی یہ نصیحت بڑی اہمیت کی حامل ہے۔ ٹیلی ویژن چینلوں نے صحافت کو جہاں گلیمر عطا کیا ہے وہیں صحافیوں کو ننگا بھی کر دیا ہے۔ ایسے صحافی جن پر عوام کا واقعی بھروسہ ہو انگلیوں پر گنے جاسکتے ہیں۔ کیا ٹیلی ویژن اور کیا پرنٹ ہر جگہ ایسے صحافیوں کی بھر مار ہے جو پیشہ ور کم اور پیشہ کرنے والے زیادہ لگتے ہیں۔ کلدیپ نیئر صحافیوں کی اس نسل سے تعلق رکھتے تھے جنہوں نے کبھی اپنے پیشے سے سمجھوتہ نہیں کیا۔ جیل جانا منظور کیا مگر گھٹنے نہیں ٹیکے۔ ان کے لئے صحافت محض ایک پیشہ نہیں تھا بلکہ بامقصد زندگی جینے کا ایک عمل بھی تھا۔

تنازعات کے بعد پائیدار امن کو حاصل کرنے میں قوم کی مرضی کا اہم کردار: ڈوبھال

سرینگر/26اکتوبر//

تنازعات کے بعد پائیدار امن کو حاصل کرنے میں قوم کی مرضی کے اہم کردار پر زور دیتے ہوئے قومی سلامتی مشیر اجیت ڈوبھال نے کہا کہ جب آپ انہیں میدان جنگ میں شکست دیتے ہیں تو قوم آپ کے ساتھ آپ کی شرائط پر صلح کرنے کیلئے تیار ہوتی ہے۔سی این آئی کے مطابق ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قومی سلامتی مشیر اجیت ڈوبھال نے تنازعات کے بعد پائیدار امن کو حاصل کرنے میں قوم کی مرضی کے اہم کردار پر زور دیا اور جنگ کے بنیادی مقاصد پر سوال اٹھایا۔انہوں نے کہا کہ عسکری مقاصد حاصل کرنے کا طریقہ قوم کی مرضی کو توڑنا ہے اور اپنی فوج کو شکست دینے سے قوم کی قوت ارادی ٹوٹ جاتی ہے، ہم جنگیں کیوں لڑتے ہیں، کیا دشمن کے انسانی وسائل کو مارنے میں کوئی شیطانی خوشی ہے؟۔انہوں نے کہا ''فوجی مقاصد اور ہم ان کو کیسے حاصل کرتے ہیں قوم کی مرضی کو توڑ کر اور ان کی فوج کو شکست دینے سے قوم کی خواہش ٹوٹ جاتی ہے جب آپ انہیں میدان جنگ میں شکست دیتے ہیں تو قوم آپ کے ساتھ امن کیلئے تیار رہتی ہے''۔انہوں نے مشورہ دیا کہ قومیں اکثر اپنے شہریوں کے اجتماعی عزم کی بجائے فوجی چالوں اور ہتھیاروں پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے حکمت عملی کے اس اہم پہلو کو نظر انداز کرتی ہیں۔جاری تنازعات کو متوازی بناتے ہوئے قومی سلامتی کے مشیر نے کہا ''چاہے یوکرین ہو، روس، یا کوئی بھی جنگ، ایک بڑا کام جسے نظر انداز کیا گیا وہ قومی ارادہ پیدا کرنا اور مضبوط کرنا تھا۔انہوں نے مزید سوامی وویکانند کی تعلیمات پر زور دیا، جنہوں نے ایک صدی قبل، قومی قوت ارادی کو فروغ دینے کے تصور کو آگے بڑھایا اور کہا کہ تقریباً 100 سال پہلے، ایک شخص جو ایسا کرنے کیلئے کھڑا ہوا وہ سوامی وویکانند تھا۔ڈوبھال نے ہندوستان کی دفاعی افواج اور قومی سالمیت کے حوصلے کو بچانے کے لیے سوشل میڈیا پر ایک مضبوط جوابی بیانیہ کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

حالیہ ملی ٹنٹ حملے: سیکورٹی ایجنسیاں فکرمند

برفباری سے پہلے دراندازی کا امکان لیکن تمام کوششوں کو ناکام بنایا جائیگا

سرینگر/26اکتوبر//

